بسم اللہ الرحمن الرحیم

THE
NATIONAL ASSEMBLY OF PAKISTAN

____

Tuesday, the 18th August, 2026

____

TABLE OF CONTENTS

1. RECITATION FROM THE HOLY QUR`AN 1
2. RECITATION OF HADITH 1
3. RECITATION OF NAAT 2
4. NATIONAL ANTHEM 2
5. LEAVE OF ABSENCE 2
6. CALLING ATTENTION NOTICE *REG*: THE GROWING WATER SCARCITY AND THE NEED FOR INSTALLATION OF WATER PURIFICATION AND RECYCLING PLANTS IN ISLAMABAD – *(ANSWERED)* 4
7. MOTION FOR CONDONATION OF DELAY IN THE PRESENTATION OF REPORT – *(ADOPTED)* 9
8. REPORT ON THE CALLING ATTENTION NOTICE NO. 4 REGARDING DELAY IN PAYMENT OF PRICES OF LAND TO THOSE PERSONS WHOSE LANDS WERE ACQUIRED BY THE CDA IN SECTORS E-12, C-13, C-14, C-15, C-16 AND H-16, ISLAMABAD, REFERRED TO THE COMMITTEE ON 29.09.2025 – *(PRESENTED)* 10
9. REPORT ON THE AMENDMENTS IN RULE 30, 31, 118 AND 234-A OF THE RULES OF PROCEDURE AND CONDUCT OF BUSINESS IN THE NATIONAL ASSEMBLY, 2007 – *(PRESENTED)* 10
10. AMENDMENTS IN RULE 30, 31, 118 AND 234-A OF THE RULES OF PROCEDURE AND CONDUCT OF BUSINESS IN THE NATIONAL ASSEMBLY, 2007 – *(ADOPTED)* 10
11. POINTS OF ORDER 11

NATIONAL ASSEMBLY OF PAKISTAN
ASSEMBLY DEBATES

——————

Tuesday, the 18th August, 2026

——————

The National Assembly of Pakistan met in the National Assembly Hall (Parliament House) Islamabad, at 02:18 p.m. with the honourable Speaker (Sardar Ayaz Sadiq) in the Chair.

——————

RECITATION FROM THE HOLY QUR`AN

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

يٰٓاَيُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ ﴿۶﴾ الَّذِيْ خَلَقَكَ فَسَوّٰىكَ فَعَدَلَكَ ﴿۷﴾ فِيْٓ اَيِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ ﴿۸﴾ كَلَّا بَلْ
تُكَذِّبُوْنَ بِالدِّيْنِ ﴿۹﴾ وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ ﴿۱۰﴾ كِرَامًا كَاتِبِيْنَ ﴿۱۱﴾ يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۱۲﴾

(سورۃ الانفطار، آیات: 6تا12)

[ترجمہ: پناہ مانگتا ہوں میں اللہ کی شیطان مردود سے۔ اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم فرمانے والا ہے۔

اے انسان! تجھ کو اپنے رب کریم کے بارے میں کس چیز نے دھوکا دیا؟ (وہی تو ہے) جس نے تجھے بنایا اور (تیرے) اعضا کو ٹھیک کیا اور (تیری قامت کو) معتدل رکھا۔ اور جس صورت میں چاہا تجھے جوڑ دیا۔ (مگر ہرگز نہیں) ! تم لوگ جزا کے دن کو جھٹلاتے ہو، حالانکہ تم پر نگہبان مقرر ہیں۔ عالی قدر (تمہاری باتوں کے) لکھنے والے۔ جو تم کرتے ہو وہ اسے جانتے ہیں۔]

RECITATION OF HADITH

وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ
عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
قَالَ: مَا نَقَصَتْ صَدَقَةٌ مِنْ مَالٍ،
وَمَا زَادَ اللّٰهُ عَبْدًا بِعَفْوٍ اِلَّا عِزًّا، وَمَا
تَوَاضَعَ اَحَدٌ لِلّٰهِ اِلَّا رَفَعَهُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ"
رَوَاهُ مُسْلِمٌ۔

[ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ راوی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: صدقہ نے مال کبھی نہیں گھٹایا اور بندہ کے در گزر کرنے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ ضرور عزت بڑھاتے ہیں اور جو کوئی اللہ کے لیے تواضع اور انکساری کرتا ہے اسے اللہ تعالیٰ ضرور اونچا کر دیتے ہیں۔]

RECITATION OF NAAT

پُل سے اتار راہ گزر کو خبر نہ ہو

جبریل پر بچھائیں تو پر کو خبر نہ ہو

فریادِ اُمّتی جو کرے حالِ زار میں

ممکن نہیں کہ خیرِ بشر کو خبر نہ ہو

ایسا گمادے اُن کی وِلا میں خدا ہمیں

ڈھونڈا کرے پر اپنی خبر کو خبر نہ ہو

NATIONAL ANTHEM

جناب سپیکر: اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم۔بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

LEAVE OF ABSENCE

جناب سپیکر: یہ نام کافی زیادہ ہیں تو میں نام پڑھ دوں گا اور مختلف dates ہیں اور پھر ان کو leave grant کے لیے ایک دفعہ ہی put کر دیں گے۔

Mr. Speaker: Leave applications.

Mr. Speaker: Mr. Khushal Khan Kakar has requested for the grant of leave from 20th to 24th June, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

Mr. Speaker: Syed Abrar Ali Shah has requested for the grant of leave from 17th to 21st August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

Mr. Speaker: Mr. Noor Alam Khan has requested for the grant of leave from 17th August to 4th September, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

Mr. Speaker: Ms. Sadaf Ihsan has requested for the grant of leave for the whole current Session. Is leave granted?

(The leave was granted.)

Mr. Speaker: Mr. Muhammad Abdul Ghaffar Watto has requested for the grant of leave from 18th to 25th August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

Mr. Speaker: Ms. Asiya Naz Tanoli has requested for the grant of leave for 17th and 18th August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

Mr. Speaker: Jam Abdul Karim Bijar has requested for the grant of leave for the whole current Session. Is leave granted?

(The leave was granted.)

Mr. Speaker: Mr. Mehmood Qadir Khan has requested for the grant of leave from 17th to 21st August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

Mr. Speaker: Ms. Izbal Zehri has requested for the grant of leave for the whole current Session. Is leave granted?

(The leave was granted.)

Mr. Speaker: Rana Atif has requested for the grant of leave from 19th to 28th August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

Mr. Speaker: Syed Rafiullah has requested for the grant of leave from 17th to 21st August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

Mr. Speaker: Mr. Muhammad Ameer Sultan has requested for the grant of leave from 20th to 21st August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

Mr. Speaker: Mir Ghulam Ali Talpur has requested for the grant of leave from 19th to 25th August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

Mr. Speaker: Mr. Usama Ahmed Mela has requested for the grant of leave from 18th to 21st August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

Mr. Speaker: Haji Jamal Shah Kakar has requested for the grant of leave for 19th and 20th August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

Mr. Speaker: Ms. Asma Alamgir has requested for the grant of leave from 17th to 21st August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

Mr. Speaker: Choudhary lftikhar Nazir has requested for the grant of leave for the whole current Session. Is leave granted?

(The leave was granted.)

Mr. Speaker: Mr. Umar Farooq has requested for the grant of leave for the whole current Session. Is leave granted?

(The leave was granted.)

Mr. Speaker: Dr. Nafisa Shah has requested for the grant of leave for 17th and 18th August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

Mr. Speaker: Mr. Khalid Ahmed Khan Lund has requested for the grant of leave for the whole current Session. Is leave granted?

(The leave was granted.)

Mr. Speaker: Ms. Aasia Ishaque Siddiqui has requested for the grant of leave from 19thAugust, 2026, till the conclusion of the Session. Is leave granted?

(The leave was granted.)

Mr. Speaker: Mr. Saad Waseem has requested for the grant of leave from 17th to 21st August, 2026. Is leave granted?

(The leave was granted.)

Mr. Speaker: Dr. Nikhat Shakeel Khan**,** has requested for the grant of leave for whole current Session. Is leave granted?

(The leave was granted.)

CALLING ATTENTION NOTICE *REG*: THE GROWING WATER SCARCITY AND THE NEED FOR INSTALLATION OF WATER PURIFICATION AND RECYCLING PLANTS IN ISLAMABAD

جناب سپیکر: Item No.2 پہ آجائیں Calling Attention تمکین اختر نیازی صاحبہ to move Item No.2 تمکین صاحبہ جی Item No.2 move کیجئے۔

(مداخلت)

جناب سپیکر: تمکین صاحبہ کی سیٹ کہاں ہے؟ جی، آپ اپنی سیٹ پہ تشریف لائیں۔

محترمہ تمکین اختر نیازی: جی I am sorry۔

(مداخلت)

جناب سپیکر: کوئی پرنٹنگ کاپی نہیں ملے گی ۔ Paperless جانے کا مقصد ہی یہ ہے۔جی Item No.2 move کیجیے۔

Ms. Tamkeen Akhtar Niazi: I invite attention of the Minister for Interior and Narcotics Control, to a matter of urgent public importance regarding the growing water scarcity and the need for installation of water purification and recycling plants in Islamabad Capital Territory, causing grave concern amongst the public.

Mr. Speaker: Minister of State for Interior and Narcotics, Talal Sahib to make a brief statement.

وزیر مملکت برائے داخلہ وانسداد منشیات (سینیٹر طلال چوہدری): سر! اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ اسلام آباد میں پانی کی کمی ہے۔ یہاں کی جو روز کی ضروریات ہیں وہ تقریباً 240 million gallons per day ہیں۔اس وقت ہمارے پاس جو پانی available ہے اسلام آباد کے سیکٹرز اور باقی جگہوں پر دیا جارہا ہے وہ 80 million gallons کے قریب ہے۔

اس میں سر! مزید جو آگے پانی کی ضرورت پوری کرنے کے لیے feasibility reports وہ almost WAPDA کے through ہم نے بنوائی ہیں۔اس میں ایک شاہدرہ ڈیم اور دوسرا دوتارہ ڈیم ہے، پھر سملی water treatment plant کی بحالی ہے کیونکہ اسے بھی 30 سال ہوگئے ہیں،اس پہ کام نہیں کیا گیا۔

اسی طرح بہت سارا پانی بہت بڑی quantity میں پرانی pipelines کی وجہ سے زمین میں چلا جاتا ہے۔تو اس کے لیے ایک PC-1 بنادی گئی ہے۔اسلام آباد کے تقریباً تمام سیکٹرز جہاں پرانی pipelines ہیں وہ ہم تبدیل کر رہے ہیں۔

دو ڈیم جس پہ واپڈا نے agree کیا ہے اور feasible ہیں اسلام آباد کے لیے، جس میں ایک شاہدرہ اور دوسرا دوتارہ ڈیم ہے۔ان دونوں کو ہم اگلے تین سے پانچ سال میں complete کر سکتے ہیں اور اس میں اتنا پانی ہوگا کہ پھر اسلام آباد کی اگلے 30،40 سال کی ضروریات وہ پوری ہوسکے گئیں۔

لیکن سر! اس میں ایک بڑی مزیدار، بڑی زبردست بات ہے ڈاکٹر طارق صاحب کیونکہ ادھر اسلام آباد سے ہیں، اسلام آباد کا شہر یعنی یہ charity home ہے،اِس میں پانی کے بل کی 10% recovery ہے۔اور سر! کمال کی بات یہ ہے کہ ایک کنال کے گھر سے ہم 240 روپے لیتے ہیں،ایک mineral water کی جو یہ imported بوتل پیتے ہیں وہ اس سے مہنگی ہے۔یعنی اس کی recovery 240 روپے سے بھی کم ہے،اسلام آباد میں یہ جو سیکٹر F-6, 7, 8,9 and 10 میں رہ رہے ہیں۔یہ billionaire and trillionaire ہیں میرا مطلب ہے ان کے تو ملازم بھی ادھر پاکستان کے نہیں ہیں۔یہ بھی باہر سے import کر کے لاتے ہیں، کھانے پینے کی تو دوسری بات۔اور سر! پانی کا بل دینا پسند نہیں کرتے۔

سر! ہمیں اسلام آباد کے MNAs سے اور جنہوں نے یہ Calling Attention دیا ان کی help کی ضرورت ہے کم از کم اس کا جو revenue factor ہے billions of rupees ہے، ان کے صاف پانی کے لیے ہم لگا رہے ہیں، اس کی recovery کے لیے ہماری مدد کریں، thank you very much Sir.

جناب سپیکر: تمکین صاحبہ، ایک سوال کیجئے which relevant to the question you've raised.

Ms. Tamkeen Akhtar Niazi: What measurable targets in KPis have been established to assess the effectiveness of the interventions, and what accountability and monitoring mechanisms are in place to ensure the planned outcomes of the achieved on stipulated timelines?

جناب سپیکر: طلال صاحب۔

سینیٹر طلال چوہدری: سر! گزارش یہ ہے، انہوں نے English میں question پوچھا، میں نے تو Urdu میں پہلے ہی چیزیں بتا دی ہیں کہ ہم ڈیم بنا رہے ہیں اور ہم water pipeline بدل رہے ہیں۔ ہمیں آپ کی مدد کی ضرورت ہے، ہم سے آپ وعدہ کریں کہ اسلام آباد کے لوگ پیسے دیں گے، بل دیں گے، contribute کریں گے۔ یہ جو ڈیم ہیں ان کی feasibility WAPDA نے بنائی ہے، یہ کہتے ہیں ہم اس طرح کا ڈیم 15 سال میں بناتے ہیں، ہم ان شاءاللہ تعالیٰ اس کو 3 سے 4 سال میں بنا کر operative کر کے جائیں گے۔

سر! اس میں گزارش یہ ہے کہ ہم نے جو laws change کیے ہیں، جو rain water harvest ہے، جو اسلام آباد کا water level ہے، وہ drastically نیچے جا رہا ہے، اس کے لیے ہم نے wells بنائے ہیں، اس سے کافی حد تک کمی آئی ہے۔ اسی طرح ہم نے building کے by laws change کیے ہیں، اب جتنی نئی buildings ہیں، گھروں سمیت، اس میں جو rain water ہے وہ سیدھا زمین میں جانے کے لیے by laws بنائے گئے ہیں، اس وقت تک ہم approve نہیں کرتے جب تک کہ وہ by laws میں شامل نہ ہو۔

پانی کی بچت کے حوالے سے جو awareness campaign ہے ہمارے Members کو بھی ہمارے ساتھ مل کر چلانی چاہیئے، مفت کا پانی ہے، گھروں میں ٹوٹیاں کھلی ہوئی ہیں، پانی اسی طرح بہہ رہا ہے، اُس سے یہ گاڑیاں اور سڑکیں دھوتے ہیں تو گزارش یہ ہے کہ پانی کی اتنی کمی نہیں ہے جتنا پانی کا misuse ہے۔ اس کے بعد میں نے آپ کو بتایا کہ ہم پورے اسلام آباد کی water pipelines اگلے ایک سے ڈیڑھ سال میں change کر دیں گے کیونکہ وہ بہت پرانی ہیں۔

جناب سپیکر: طلال صاحب آپ جو rain harvesting کی بات کر رہے ہیں،اس میں جو existing buildings ہیں جس طرح National Assembly ہے، تو اس میں بھی کوئی تجویز دیجیے تاکہ ہم بھی اس پر عمل کریں، we should take advantage of that۔

سینیٹر طلال چوہدری: سر! اس پر ہم نے جو by laws بنائے ہیں وہ آپ کے پاس آجائیں گے اور آپ implement کر دیں گے۔ یہ دنیا کی پہلی اسمبلی ہے جو آپ نے green energy کے طور پہ بنائی تھی۔ یہ بڑی اچھی بات ہے، یہاں بہت سارا ایسا پانی ہے جو ہم بچا سکتے ہیں، thank you very much Sir.

جناب سپیکر: ہما چغتائی صاحبہ، ایک سوال کیجیے۔

محترمہ ہما اختر چغتائی: جناب سپیکر! بہت بہت شکریہ۔ میری درخواست ہےMinister of Interior for Stateسے کہ انہوں نے بہت ہی اچھی باتیں کی ہیں، obviouslyان کے اوپر بھی کام ہو رہا ہے مگر کچھ ایسی چیزیں ہیں جو میرے ذہن میں آتی ہیں اور میں سوال پوچھنا چاہتی ہوں، ایک تو یہ ہے کہ ہم نے یہ دیکھا ہے کہ اسلام آباد میں جو gap ہے between demand and supply وہ کافی massiveہے۔ تو اس کے لیے جس طرح سے یہ بتا رہے ہیں کہ مختلف طریقوں سے کر رہے ہیں، ایک چیز جو میرے ذہن میں آتی ہے، ہمارے ہاں جو یہ دیکھا گیا ہے کہ جتنا infrastructure ہے، وہ کافی پرانا بھی ہو گیا ہے۔

جہاں تک میری knowledge ہے یا جو میری understanding ہے، اس کے مطابق جو underground pipes ہیں وہ leak کر رہے ہیں، جو پرانے سرکاری دفاتر اور مکانات ہیں خاص طور پہ ان میں۔ جو نئے گھر بنے ہوئے ہیں ان میں ذرا نئے pipesوغیرہ ہیں، جو بھی پانی کی لائنیں leak ہو رہی ہیں،....urbanization and then the thing is

جناب سپیکر: Question کیجیے، تقریر نہیں questionکریں۔

Ms. Huma Akhter Chughtai: The thing is how far is a town planner involved in making sure that these housing societies that are being built or the houses that are being built do comply.

سر وہ اُن کے ساتھ کس طرح سے کرتے ہیں؟ Town Plannerکے متعلق بات ہے، وہ پوچھنا چاہتی ہوں۔

جناب سپیکر: طلال صاحب۔

سینیٹر طلال چوہدری: سر! گزارش یہ ہے کہ جب ہم کسی بھی housing scheme یا project کی approvalدیتے ہیں، میں نے انہیں بتایا کہ اس میں completely یہ ساری چیزیں شامل ہوتی ہیں، اس کی cost شامل ہوتی ہے، اس کی ساری technical چیزیں شامل ہوتی ہیں، کسی بھی housing scheme کے لیے یا کسی بھی project کے لیے، جو multi-story project ہے یا

کوئی بھی ہے even میں نے آپ سے کہا ہے کہ جو نئے building laws ،اس میں even جو گھر ہیں،ان کے متعلق بھی rain water harvesting سے لے کر دوسری ان کی پانی کی ضرورت کا ساری چیزوں کو دیکھ کے approve کیا جاتا ہے۔

جناب سپیکر: زہرہ ودود فاطمی صاحبہ، please one question, not a speech ۔

محترمہ زہرہ ودود فاطمی: میرا وزیر صاحب سے سوال ہے کہ پانی کی قلت تو پورے اسلام آباد میں ہیں، لیکن بعض علاقے ایسے ہے، میں آپ کو بتا دیتی ہوں، اس میں خاص طور پہ جو لہتراررروڈ ہے، اس پہ اتنے سارے hospitals کھلے ہوئے ہیں، کوئی 150 کے قریب، لیکن پانی کا کوئی نظام نہیں ہے۔ جو لوگ بور کرواتے ہیں، دوسرے گھر والے یا قریب کے لوگ power pump لگا کر کر پانی کھینچ لیتے ہیں۔ اب لوگوں کو اگر صاف پانی بھی نہیں مل رہا ہو، بلکہ پانی مل ہی نہیں رہا ہے، تو آپ مجھے بتائیے کہ وہاں کے لوگ کس طریقے سے زندگی گزار رہے ہوں گے؟ وہاں پہ کوئی بھی، فلٹر پلانٹ کی تو بات چھوڑیں، پانی کی نکاسی کا کوئی نظام نہیں ہے، اور ایک آفت آئی رہتی ہے، آئے دن وہاں کے لوگ روتے ہیں کہ پانی کا ٹینکر منگوا کر ان کا دم نکل جاتا ہے، لیکن ان کے problems solve نہیں ہوتے۔ تو وہ کب تک حل ہوں گے؟ اس کا کیا طریقہ ہے؟

جناب سپیکر: طلال صاحب۔

سینیٹر طلال چوہدری: سر! گزارش یہ ہے کہ جہاں یہ ہماری MNA صاحبہ رہتی ہیں، امیر لوگ سارے ادھر ہی رہتے ہیں، اور وہاں 90% گھر illegal ہیں۔ وہاں 90 % housing schemes illegal ہیں۔ ان کا گندا پانی پینے والے پانی کے ڈیم میں جاتا ہے، اِن کا sewerage بھی اُدھر ہی جاتا ہے، کسی کا sewerage approved نہیں ہے اور اس پہ World Bank سے لے کے WHO تک سب کا concern ہے۔

سر! گزارش یہ ہے، یہ جب انہوں نے گھر بنایا تھا، ان سے پوچھیں کہ انہوں نے approval لی تھی؟ دوسرا ان سے پوچھ لیں کہ کیا اس کالونی کی approval تھی؟ یہ سارے پڑھے لکھے لوگ ہیں، یہ کہتے ہیں کہ ان کا گند بھی ہم اٹھائیں، ان کو پانی بھی دیں، یہ بل بھی نہ دیں، یہ نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے اسلام آباد کو کچی آبادی بنایا۔ اس کے کیا کیا problem ہیں، یہاں کچی آبادیاں ہیں، ان کا جو گارڈ ہے، آج امیر لوگوں میں سے کسی کا گھر دیکھ لیں، گارڈ کا room باہر grass والی جگہ پر رکھا ہوا ہے، وہاں نہ پنکھا ہے، نہ پانی ہے، اندر دس دس گاڑیاں کھڑی ہیں۔ سر! یہ جس area میں رہتی ہیں، وہاں کا 90 % پانی اسلام آباد کے اُس ڈیم میں جاتا ہے جس سے پینے کا پانی آپ کے گھر بھی آتا ہے۔

سر! سب سے پہلے ہمیں ان illegal کام پر action لینا ہو گا۔ اگلی بات treatment کی ہے۔ ہم نے اس کی treatment کی feasibility بنائی ہے، پہلا treatment plant ہم نے I-9 میں لگایا ہے۔ I-9 میں جو treatment plant ہے اُس نے کام شروع کر دیا ہے، لیکن گزارش یہ ہے کہ جہاں یہ رہتی ہیں، وہاں پر treatment plant کا 30 سے 40 billion rupees کا

project ہے۔ سر! غریب آدمی کو سڑک اور پانی دیں کہ امیروں کے پانی اور sewage کو ٹھیک کریں؟ مجھے یہ بتائیں یہ گھر بنے کیوں تھے؟ پہلے اِس سوال کا جواب دیں۔

جناب سپیکر: زہرہ صاحبہ یہ ہو نہیں سکتا، rules do not allow کہ آپ اُن سے سوال کریں اور وہ آپ کو جواب دیں۔ You can't, you should meet him separately. Rules do not allow کہ یہ اس طرح کی ایک debate شروع ہو جائے۔ There are other Members. جو انہوں نے بات کی، آپ Privilege Motion move کر دیں میں لے لوں گا کہ آپ کا privilege ہے مگر پھر نقشہ بھی دینا پڑے گا جو discharge ہے، یہ سارا کچھ move کیجئے طلال کے خلاف Privilege Motion لے کر آتے ہیں، ٹھیک ہے۔ دیکھ لیجئے گا لینے کے دینے نہ پڑ جائیں۔ آسیہ ناز تنولی صاحبہ، not present۔ سیما محی الدین جمیلی صاحبہ، not present۔ میرا خیال ہے آخری والا Calling Attention Notice پہلے لے لیتے ہیں، ذرا Item No. 62 پر آ جائیے۔ حاجی امتیاز احمد چوہدری صاحب to move Item No. 62. ۔ حاجی امتیاز صاحب، نہیں ہیں؟ not present۔ یہ مجھے request آئی ہے ڈاکٹر طارق فضل اور نوید قمر صاحب کی، ان کا خیال ہے کہ Legislative Business کو ابھی روکیں، خواجہ شیراز محمود صاحب اگر Item No. 62 move کر دیں۔ خواجہ شیراز صاحب، موجود نہیں ہیں؟ غلام محمد صاحب، وہ بھی نہیں ہیں؟

(مداخلت)

جناب سپیکر: غلام محمد صاحب is saying I'm not present ۔ نہیں، رہنے دیں، کوئی بات نہیں۔ mover نہیں ہے ناں، تو اس لیے we can't.

MOTION FOR CONDONATION OF DELAY IN THE PRESENTATION OF REPORT

جناب سپیکر: اچھا جی، Item No. 43 پہ آ جائیے۔ جی، راجہ خرم شہزاد نواز صاحب، چیئرمین Standing Committee on Interior to move Item No. 43.

Raja Khurram Shahzad Nawaz: I, move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Calling Attention Notice No. 4 regarding delay in payment of prices of land to those persons whose lands were acquired by the CDA in Sectors E-12, C-13, C-14, C-15, C-16 and H-16, Islamabad, referred to the Committee on 29.09.2025, till today be condoned.

Mr. Speaker: Now, I put the Motion to the House. It has been moved, that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Calling Attention Notice No. 4 regarding delay in payment of prices of land to those

persons whose lands were acquired by the CDA in Sectors E-12, C-13, C-14, C-15, C-16 and H-16, Islamabad, referred to the Committee on 29.09.2025, till today be condoned.

(The Motion was adopted.)

REPORT ON THE CALLING ATTENTION NOTICE NO. 4 REGARDING DELAY IN PAYMENT OF PRICES OF LAND TO THOSE PERSONS WHOSE LANDS WERE ACQUIRED BY THE CDA IN SECTORS E-12, C-13, C-14, C-15, C-16 AND H-16, ISLAMABAD, REFERRED TO THE COMMITTEE ON 29.09.2025

Mr. Speaker: Item No. 44. Raja Khurram Nawaz Sahib to move Item No. 44.

Raja Khurram Shahzad Nawaz: I, present report of the Standing Committee on the Calling Attention Notice No. 4 regarding delay in payment of prices of land to those persons whose lands were acquired by the CDA in Sectors E-12, C-13, C-14, C-15, C-16 and H-16, Islamabad.

Mr. Speaker: The report of the Standing Committee on the Calling Attention Notice No. 4 regarding delay in payment of prices of land to those persons whose lands were acquired by the CDA in Sectors E-12, C-13, C-14, C-15, C-16 and H-16, Islamabad, referred to the Committee on 29.09.2025, stands presented.

(The report was presented.)

REPORT ON THE AMENDMENTS IN RULE 30, 31, 118 AND 234-A OF THE RULES OF PROCEDURE AND CONDUCT OF BUSINESS IN THE NATIONAL ASSEMBLY, 2007

جناب سپیکر: نعیمہ کشور صاحبہ، رانا محمد افضل صاحب کے behalf پہ آپ move کریں Item نمبر 49۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: میں ،چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قواعد وضوابطہ کے behalf پہ move کرتی ہوں کہ استحقاق قومی اسمبلی کی کارروائی، طریقہ کار کے قاعدہ نمبر 207 کے قاعدہ 30, 31,118 کے، 234 میں ترمیم کی قائمہ کمیٹی کی report پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The report of the Standing Committee on the amendments in rule 30, 31, 118 and 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 stands presented.

(The report was presented.)

AMENDMENTS IN RULE 30, 31, 118 AND 234-A OF THE RULES OF PROCEDURE AND CONDUCT OF BUSINESS IN THE NATIONAL ASSEMBLY, 2007

Mr. Speaker: Item No. 50. Naeema Kishwer Khan Sahiba.

محترمہ نعیمہ کشور خان: میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی اور ڈاکٹر نفیسہ شاہ، ممبر قومی اسمبلی کے behalf پہ میں report پیش کرتی ہوں کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریقہ کار کے قواعد 2007 کے قاعدہ نمبر 293 کے ذیلی قاعدہ (5) کے تحت تحریک پیش کروں گی کہ مذکورہ قواعد کے قاعدہ 30, 31,118 اور 234 الف میں مجوزہ ترامیم قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں زیر غور لائی جائیں۔

Mr. Speaker: Now, I put the Motion to the House. Under sub-rule (5) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, that the proposed amendments in rule 30, 31, 118 and 234-A of the said rules, as reported by the Standing Committee be taken into consideration at once.

(The Motion was adopted.)

جناب سپیکر: نعیمہ کشور خان صاحبہ، یہ آئٹم نمبر 51 move کیجیے۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: میں چیئرمین قائمہ کمیٹی اور ڈاکٹر نفیسہ شاہ صاحبہ، ممبر قومی اسمبلی کے behalf پر تحریک پیش کروں گی کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریقہ کار کے قواعد 2007 میں مجوزہ ترامیم منظور کی جائیں۔

Mr. Speaker: Now, I put the Motion to the House. The amendments in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, be adopted.

(The Motion was adopted.)

POINTS OF ORDER

جناب سپیکر: چنگیز صاحب، آپ کوئی بات کرنا چاہ رہے تھے؟ کوئی issue آپ کی constituency میں ہے، اس پر بات کیجئیے۔

جناب چنگیز احمد خان: (عربی) شکریہ سپیکر صاحب۔ میں ایک نہایت ہی دل خراش اور اندوہناک سانحہ کی طرف آپ کی توجہ مبذول کرواؤں گا۔ میرا حلقہ NA-102 میں گزشتہ ڈیڑھ دو سال سے پرانی gas pipeline کی وجہ سے زیر زمین gas leakage کی وجہ سے تین جانی حادثات رونما ہو چکے ہیں، جس میں 15 کے قریب لوگ جھلس کر وفات پا گئے ہیں، اور تقریباً 20 کے قریب زخمی ہوئے۔ ابھی چار پانچ روز پہلے complaints کرنے کے باوجود ایک اور سانحہ رونما ہوا، جس میں ایک ہی خاندان کے سات معصوم لوگ اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے اور چار بچے زخمی ہیں۔ بارہا محکمہ کو complaint کی گئی، ان کو بتایا گیا کہ یہ پرانی زنگ آلود gas pipeline ہے، زیر زمین gas leakage ہونے کی وجہ سے یہ حادثات رونما ہو رہے ہیں، لیکن کسی نے اس جانب توجہ نہیں دی۔

میری اس ہاؤس کے توسط سے جناب سے request ہے کہ اس اندوہناک حادثے کے ذمہ داران کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے، اور جو concerned Minister ہیں وہ فوری طور پر حکم جاری کریں کہ پرانی جو gas pipeline ہے، اس کو تبدیل کیا جائے، اور

جوان حادثات میں لوگ اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں، ان خاندان کی مالی معاونت کی جائے۔ یہ بہت ضروری ہے، روز بروز یہ حادثات بڑھ رہے ہیں۔ یہاں بات ہو رہی تھی پانی کی pipeline کی، لیکن یہ جو جان لیوا حادثات ہیں، ان پر توجہ دینا بہت ضروری ہے۔ بہت شکریہ۔

جناب سپیکر: میری آپ سے request ہوگی کہ آپ مجھے اپنے letterhead پر لکھ کے دے دیجئے۔ میں Minister صاحب کو یہ دوں گا اور MD کو بھی بھیجتے ہیں کہ this should not happened اور یہ جتنی جلدی ہو سکے اس پر کام کریں۔ جانوں کا ضیاع تو کوئی مناسب چیز نہیں ہے۔ تو مجھے لکھ کے دے دیں، میں ان شاءاللہ کرا تا ہوں۔ جمال شاہ کاکڑ صاحب، آن پوائنٹ آف آرڈر۔

حاجی جمال شاہ کاکڑ: بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! میں اس مقدس ایوان کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں، بلوچستان کے لوگ بہت تکلیف میں ہیں۔ کیونکہ کراچی والا road تقریباً سفر کے قابل نہیں رہا۔ وہاں road پر ڈکیتی کی وارداتیں ہوتی ہیں۔ پھر دوسرا راستہ جو سکھر، سندھ والا تھا، وہاں پہ جب لوگ سفر کرتے ہیں تو سندھ کی Police نے وہاں پہ لوگوں کا جینا حرام کیا ہوا ہے، تو میں پیپلز پارٹی والوں سے گزارش کرتا ہوں کہ سندھ پولیس کو ذرا لگام دیں، اور اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے نجی airlines اور PIA نے کچھ ہزار کا ٹکٹ ایک لاکھ تک پہنچا دیا، اور لوگوں کے لئے ایک ہی راستہ airline کا، اِس پہ وہ بھی نہیں جا سکتے۔ کبھی کوئٹہ میں دس train چلا کرتی تھیں، اب ایک بولان میل اور ایک جعفر ایکسپریس چلتی ہے، ان کو بھی بند کر دیا گیا، جو غریب عوام کے لیے سفر کا ایک ذریعہ تھا۔ تو میں حنیف عباسی صاحب سے گزارش کرتا ہوں کہ daily بنیاد پہ بولان میل اور جعفر ایکسپریس کو بھی شروع کیا جائے۔

جناب سپیکر! کراچی پولیس روز اس طرح واقعات کرتی ہے، جس سے قوموں میں نفرت پیدا ہو جاتی ہے۔ جناب سپیکر! کراچی میں شفیق موڑ پہ ایک hotel والوں پہ، جو پشتون کمیونٹی سے تعلق رکھتے ہیں، رات کے آخری پہر پولیس نے حملہ کر دیا۔ جب وہاں hotel owner اور کاروباری حضرات نے احتجاج کیا، ان پہ بھی حملہ کر دیا۔ اس سے پوری پشتون کمیونٹی میں غم و غصہ کی لہر ہے۔ تو اس قسم کے واقعات کی روک تھام کریں تاکہ علاقے میں مزید بدامنی نہ ہو، میں پیپلز پارٹی سے گزارش کرتا ہوں کہ سندھ پولیس کو ذرا تنبیہ کر دیں کہ وہاں پشتونوں کے ساتھ یا کاروباری لوگوں کے ساتھ تجاوزات کے نام پر زیادتیاں نہ کریں۔ تو میری گزارش ہے کہ بولان میل اور جعفر ایکسپریس کو daily بنیادوں پر شروع کریں۔ کیونکہ باقی راستے بند ہیں۔

جناب سپیکر: جی شکریہ۔ محمود خان اچکزئی صاحب۔

قائد حزب اختلاف (جناب محمود خان اچکزئی): جناب سپیکر ٹھیک ہے مسائل ہیں۔ اسلام آباد میں پانی کا مسئلہ ہے۔ جناب سپیکر! بنیادی طور پہ پاکستان مسائل میں گھرا ہوا ہے ملک کے طول و عرض میں دہشت گردی ہے، ہر جگہ قتل و قتال جاری ہے، mines and minerals پہ لڑائیاں ہیں۔ وزیرستان اور باجوڑ سے لے کر خیبر تک بہت برا حال ہے۔ جناب سپیکر! اکابرین بھی بیٹھے ہوئے ہیں، ہمارے وزراء صاحبان بھی بیٹھے ہوئے ہیں۔ جناب سپیکر! ایک دو دن رکھ لیں اس کے لیے کیونکہ سارے لوگ اس پر بولیں گے، آفریدی بھی بولے گا، بلوچ بھائی بھی بولے گا۔ جناب

سپیکر! ہم نے اس پہ discussion نہ کی تو عوام ہمیں معاف نہیں کریں گے۔ جناب سپیکر! روزانہ کم سے کم 50،60 آدمی قتل ہوتے، پولیس کے بندے، عام بندے، بچے۔ دھماکے ہوتے ہیں۔ جناب سپیکر! یہ جگہ ہے اس پر بحث کی، مشورہ کر لیں، وزراء صاحبان بیٹھے ہوئے ہیں۔ آصف صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں، یہ لوگ بھی بیٹھے ہوئے ہیں۔ کوئی دو دن رکھ لیں، discussion ہو جائے گی۔ سب اس پہ بولیں گے، ہر آدمی بولے گا، حکومت کے سامنے کوئی چیز آجائے گی۔ ٹھیک ہے میرے چوہدری بھائی کو اسلام آباد کے گند کا احساس ہے سارے ملک میں جو گند گی جاری ہے، طارق بھائی اس کو سنبھالنا ہے، اس پہ discussion کریں۔ ہم نے ایک دوسرے کو گالیاں تو نہیں دینی، نہ کسی کو برا بھلا کہنا ہے۔ جب سب بولیں گے شاید درمیانی کوئی راستہ نکل آئے۔ God bless you.

جناب سپیکر: طلال صاحب آپ تشریف رکھیے گا، کیونکہ صبغت اللہ صاحب اور حمید حسین صاحب بھی انہی چیزوں پر بات کرنا چاہ رہے ہیں، تو آپ اگر تشریف رکھیں گے تو یہ دہشت گردی والا issue ، بھی آج discuss ہو جائے گا۔ جی، شرمیلا فاروقی صاحبہ۔ Point of Order پہ آپ بات کرنا چاہ رہی ہیں؟

ڈاکٹر شرمیلا فاروقی: جی، جی، Point of Order پہ، Sir۔ سر، 105 hardship medicines ہیں، جس کو DRAP نے آج سے دو سال پہلے price revision کے لیے وفاقی حکومت کو بھیجا تھا۔ یہ بہت important چیز ہے۔ As of today، آج اٹھارہ تاریخ، وہ price revision نہیں ہوئی۔ اس کا نتیجہ یہ ہو رہا ہے، کہ پورے پاکستان کے اندر مختلف شہروں کے اندر اور some of them are very essential medicines and lifesaving drugs. They are extremely short in supply اور اگر کہیں مل بھی رہی ہیں تو ان کی prices بہت زیادہ ہیں کیونکہ وہ بلیک میں مل رہی ہیں۔

اس میں جو medicines ہیں Those medicines are for cancer patients، کیموتھراپی کی medicines ہیں، glaucoma کی medicines ہیں اور even cardiac medicines especially for children وہ بہت ضروری ہیں، اس کے علاوہ کوئی 42 new medicines جس کی pricing ابھی تک وفاقی حکومت نہیں کر پائی، اس کا again نتیجہ یہ ہے کہ they are extremely short supply in the market اور جو مل رہی ہیں وہ بھی بلیک میں مل رہی ہیں مارکیٹ میں اور تیسری اہم چیز، جو بڑی تشویش ناک بات ہے، وہ یہ ہے کہ influenza کی جو vaccines ہیں، جو ہمارے دو major suppliers ہیں، جو import کرتے ہیں، وہ بھی ابھی تک import نہیں کر پائے، کیونکہ اس وقت جو pricing mechanism ہے، وہ ان کو suit نہیں کرتا، اور international market کے اندر، آپ کو پہلے سے vaccines book کرانی پڑتی ہیں، اور اگر prices revise نہیں ہوں گی تو وہ ان کو book نہیں کروا رہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ influenza کا جو ابھی season آنے والا ہے، September and October کے اندر، اس میں ہمیں again influenza کی vaccines in short supply ہوں گی۔

Mr. Speaker: Do you have a complete list of all these medicines?

ڈاکٹر شرمیلا فاروقی: Yes Sir! I have، اگر آپ کہیں تو میں آپ کو پڑھ کے بھی بتادوں؟

جناب سپیکر: نہیں، پڑھ کے نہیں بتائیے۔ اگر آپ لکھ کے دے دیں گی تو we will refer it. Dr. Tariq Sahib would you like respond، یا ہم Health Minister صاحب کو یہ بھیج دیں؟ یہ respond کرتے ہیں۔ شرمیلا صاحبہ، تشریف رکھیں۔ ڈاکٹر طارق فضل چوہدری صاحب۔

وزیر برائے پارلیمانی امور (ڈاکٹر طارق فضل چوہدری): بہت شکریہ سپیکر صاحب، سر! چند اور نکات جو مختلف honourable Members نے اٹھائے ہیں، میں ان پر بات کرنا چاہ رہا تھا، لیکن وہ بعد میں بات کروں گا۔ ابھی صرف ایک نقطے پر میں بات کروں گا، جو شرمیلا فاروقی صاحبہ نے بات کی ہے۔ سر، یقیناً یہ ایک بڑا اہم مسئلہ ہے، اور میں ان سے گزارش کروں گا کہ جو تفصیلات ان کے پاس ہیں، وہ مجھ سے share کر لیں۔ میں Law Ministry سے اور ہمارے جو relevant Federal Minister ہیں مصطفیٰ کمال صاحب سے بات کر کے DRAP کے اوپر تو میں ذاتی طور پر یہ جانتا ہوں کہ جو اصلاحات اس میں کی گئی ہیں وہ DRAP کی تاریخ میں کبھی نہیں کی گئیں اور اگر یہ issue اس وقت بھی انہیں لگ رہا ہے کہ حل طلب ہے اور خاص طور پر influenza vaccine کے حوالے سے تو انشاءاللہ اس کو ہم rectify کریں گے اور اگلے اجلاس میں، بلکہ اس اجلاس میں بھی ان شاءاللہ update کروں گا۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے تو، let's document it، شرمیلا صاحبہ، یہ please لکھ کے بھیجیں تاکہ ہم اس کو take up کر لیں۔ ڈاکٹر صاحب نے بھی commitment دی۔ But let us send it to the Minister also. جی شکریہ۔ صاحبزادہ صبغت اللہ صاحب۔

صاحبزادہ صبغت اللہ: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ شکریہ جناب سپیکر! میں آپ کے توسط سے اس ایوان کی اور منسٹر صاحب کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف دلانا چاہتا ہوں اور وہ ہے پورے پاکستان میں خصوصاً خیبر پختونخوا، بلوچستان اور خاص کر میرے حلقے اپر دیر میں law and order کی صورتحال بگڑتی جا رہی ہے۔ جناب سپیکر صاحب! 14 اگست کو جب یہاں جشن آزادی کی خوشیاں منائی جا رہی تھیں، یہاں آتش بازی ہو رہی تھی تو بدقسمتی سے میرے حلقے اپر دیر میں میری عوام نے، ہمارے عام لوگوں نے بندوقیں اٹھائی ہوئی تھیں اور وہ 14 اگست جس کو ہم آزادی کا دن کہتے ہیں وہ اس سے بے خبر رہے کیونکہ دہشت گردوں نے رات کو پولیس چیک پوسٹ پر فائرنگ کی، اس پر حملہ کر دیا۔ میں خراج تحسین پیش کرنا چاہتا ہوں اپنے بہادر پولیس سپاہیوں کو کہ انہوں نے پوری رات ڈٹ کر اس کا مقابلہ کیا میرے ایک بھائی جیسے دوست نثار ورد ک جو چو کی دہشت گردوں نے یرغمال بنا رکھی تھی وہاں ان سپاہیوں کو چھڑانے کے لیے پولیس فورس کے ساتھ گئے ان کو بھی یرغمال بنا کے رکھا اور پوری رات اور دن وہ وہاں یرغمال رہے میں ان کی بہادری کو بھی خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔

جناب سپیکر صاحب! حالات بہت خراب ہو رہے ہیں law and orderاور امن وامان کو بحال کرنا دہشت گردوں کے خلاف لڑنا ریاست کی ذمہ داری ہے، یہ عوام کی ذمہ داری نہیں ہے۔ ہم اپنے بچوں کو بندوق تھمانا نہیں چاہتے، ہم ان کو قلم دینا چاہتے ہیں۔ لہٰذا جناب سپیکر! حکومت کی جو policy ہے کہ وہاں کے کاشتکار، وہاں کے زمیندار، وہ فصل نہ اگائیں کیونکہ وہاں پر دہشت گرد چھپتے ہیں، وہاں fertilizer پر پابندی لگائی گئی ہے کہ یہ fertilizer فروخت نہ کریں۔ تو آپ لوگ ہمیں بتائیں، جی، ہماری زرعی زمینیں بنجر ہو رہی ہیں۔ جو policy حکومت نے اپنا رکھی ہے کہ یہاں عوام امن وامان قائم رکھیں، یہاں عوام بندوق اٹھائیں، تو ہم اس policy کے حق میں نہیں ہیں۔

ہم مطالبہ کرنا چاہتے ہیں کہ National Action Plan پر من وعن عمل کیا جائے۔ ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ دہشت گردی کے خلاف جو policy بنائی گئی ہے، اس کو revisit کیا جائے۔ یہاں debate ہو جائے، ہمیں briefing دی جائے کہ حکومت کی کیا policy ہے۔ جناب، یہ dialogue ہم سنتے آرہے ہیں کہ جی، بلوچستان میں جو دہشت گردی ہو رہی ہے وہ تو ایک SHO کی مار ہیں، ہم دہشتگردوں کا قلع قمع کر رہے ہیں اور ہم دہشتگردوں کو پاتال سے بھی ڈھونڈ نکالیں گے۔ 40 سال سے خیبر پختونخوا میں آگ اور خون کا یہ کھیل جاری ہے۔ لہٰذا میری درخواست ہے کہ concrete steps لیے جائیں۔ ہمارے علاقوں میں حکومتی رٹ بحال کی جائے اور دہشتگردوں کے خلاف جو پالیسی بنائی گئی ہے اس ایوان کو بھی آگاہ کریں، ہمیں بھی آگاہ کریں اور اس ناسور کا once for all خاتمہ کیا جائے۔ جناب سپیکر! جب بھی وہاں tourism boost ہوتی ہے، جب بھی tourists دیر بالا اور سیاحتی علاقوں کا رُخ کرتے ہیں، بد قسمتی سے وہاں دہشتگرد نمودار ہو جاتے ہیں، پہاڑوں پر قبضے کیے جاتے ہیں اور tourism industry کو نقصان پہنچایا جاتا ہے۔ میرے حلقے کے عوام میں انتہائی تشویش پائی جاتی ہے۔ حکومت ٹھوس پالیسی دے، اور دہشتگردی کا جو ناسور ہے اس کے خلاف ٹھوس اقدامات کیے جائیں، شکریہ جی۔

جناب سپیکر: طلال صاحب! پہلے سب کی سن لیجئے، پھر respond کیجئے گا کیونکہ باقی ممبران نے بھی بات کرنی ہے۔ خواجہ اظہار صاحب On Point of Order۔ اگر سب مختصر بات کریں گے تو سب کو بات کرنے کا موقع مل جائے گا کیونکہ لسٹ کافی لمبی ہے اور ان شاءاللہ سب کو موقع دیں گے۔

خواجہ اظہار الحسن: سر! واقعہ اتنا ہولناک ہے کہ مجھے شاید کچھ وقت لگ جائے لیکن میں کوشش کرتا ہوں کہ آپ کی ہدایت کے مطابق عمل کروں۔ میں نے اپنا قتل کیا ہے۔ میں قاتل ہوں مجھے پھانسی دو۔ وکیل بھی تم، دلیل بھی تم، عدالت بھی تم، وکالت بھی تم، تاخیر و تردد کس بات کی ہے؟ میں نے اپنا قتل کیا ہے، مجھے پھانسی دو۔

کراچی میں ایک ایسا بھیانک واقعہ ایک نوجوان رضا میر کے قتل کی صورت میں سامنے آیا۔ آج مسلسل 15 دن سے میڈیا کا کوئی چینل، کوئی اخبار ایسا نہیں ہے جو روز بروز ہونے والی ڈرامائی تبدیلیوں کی نشاندہی نہ کر رہا ہو۔ یعنی اس پورے واقعے کو سن لیں کہ اس نوجوان کو جس نے چار برانچیں شروع کیں اور IT Graduate بن کر پاکستان کے سالانہ تین لاکھ نوجوان جو اس ملک سے جا رہے ہیں، جو brain drain ہو رہے ہیں ان کو

راستہ دکھایا کہ نوجوانوں کا پاکستان میں مستقبل ہے، نوجوان پاکستان میں کاروبار کر سکتے ہیں اور نوجوان یہاں پہ prosper and flourish کر سکتے ہیں۔

ایک 25 سال کا نوجوان جس نے اپنی محنت سے اپنا کاروبار کھڑا کیا۔ محب وطن، پڑھا لکھا، مڈل کلاس کراچی کا بیٹا جسے اتنے بھیانک طریقے سے قتل کیا گیا۔ سپیکر صاحب! پہلے 15 دن تک ماں باپ کو یہ باور کرایا گیا کہ اس نے خودکشی کی ہے۔ اس کی لاش کو جلایا گیا ہے، اس کے finger prints کو جلایا گیا تھا، اس کے منہ میں تیزاب ڈالا گیا تھا، اس کے چہرے کو مسخ کیا گیا تھا، اس کی شناخت مٹائی گئی ہے، اس کا mobile data غائب کیا گیا ہے اور پولیس 15 دن تک یہ ثابت کرتی رہی کہ جناب یہ خودکشی ہے۔

اب میرے آئی جی صاحب کہتے ہیں سسٹم کو کام کرنے دو، سسٹم نے تو بیڑا غرق کیا اس ملک کا اور سندھ میں تو سسٹم کا راج ہے، ہمیں تو اس سسٹم کی غلامی سے جان چھڑانی ہے اور سسٹم یہ ہے کہ شواہد بدلے۔ وہ جو Police Surgeon Convener Dr. Summaiya ہے، اس نے اپنے ضمیر کے مطابق اس لاش کو زبان دے دی اور اس لاش کو زبان دے کر اس نے بتایا کہ جناب اس پر تشدد کیا گیا ہے، اس کو جلایا گیا ہے، اس کو تیزاب سے نہلایا گیا ہے۔ سپیکر صاحب! اس کے ماں باپ کیا پوچھ رہے ہیں؟ وہ پوچھ رہے ہیں کہ اس نوجوان لاش کا سبب تو بتادو؟ 9 ماہ بعد ماں اپنی گود میں ایک نوزائیدہ بچہ لیتی ہے، آج وہ ماں 25 سال کے لاشے کو ڈھونڈ رہی ہے۔

کون سے ماں باپ ہیں جو اپنے بیٹے کی لاش کا دوبارہ سے postmortem کرانا چاہتے ہیں، قبر کھود کر دوبارہ سے postmortem کرایا گیا۔ سپیکر صاحب! میں تفصیل میں نہیں جاؤں گا لیکن اعجاز جکھرانی اور رعنا انصار یہاں موجود ہیں۔ آپ ان سے پوچھیں جوان بیٹے کی موت اس گھر کے اندر ہر روز ماں باپ کو مارے گی، اس گھر کی کوئی خوشی دروازے پر آئے گی تو پہلے کاش کا لفظ آئے گا کہ کاش وہ ہوتا۔

میری Minister of Interior سے یہ appeal ہے، میری Standing Committee on Interior سے appeal ہے کہ بھائی اس واقعے کے اوپر ایک Special Committee بنائیں، جس طرح ہم نے ارمغان پر بنائی تھی۔ آپ سے میری گزارش ہے آپ اس کو Ministry of Interior کو refer کریں، Interior Minister, جو ہمارے یہاں پر State Minister for Interior ہے، اس کی پوری تفصیل لیں۔ یہ دہشتگردی سے بڑا واقعہ ہے اور اس میں کیونکہ police doubtful ہے، پولیس کی کمیٹیوں پر کمیٹیاں بنی ہیں۔ تو اس کی ایک impartial inquiry اعلیٰ سطح پر ہونی چاہیئے۔ میں آخر میں صرف یہ بات کروں گا کہ ایک تکلیف دہ واقعہ تھا۔ اس میں، میں اپنی بات کا اس طرح اختتام کرتا ہوں کہ کراچی کو کہا جاتا ہے کہ کراچی پیرس ہے، کراچی جنت ہے۔

جناب سپیکر: پلیز تقریر نہیں کریں، main point آ گیا، طلال صاحب respond کریں گے، provincial subject ضرور ہے مگر طلال صاحب ان شاءاللہ respond کریں گے۔

خواجہ اظہار الحسن: سر! کیا صوبہ سندھ کا Constitution الگ ہے؟

جناب سپیکر: نہیں، یہ case sub-judice بھی ہے۔

خواجہ اظہارالحسن: جناب! sub-judice کیسے ہو سکتا ہے؟ investigation میں ہے۔

جناب سپیکر: Court نے بھی take up کر لیا ہے۔ آپ کو Minister Sahib respond بھی کریں گے اور provincial subject میں اس لیے کہہ رہا ہوں کہ جو Sindh Province سے ہمارے honourable colleagues بیٹھے ہیں، یہ بھی take up کرلیں گے وہاں پر۔ جی بیرسٹر گوہر صاحب۔

جناب گوہر علی خان: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! Point of Order پر میں تین چھوٹے چھوٹے issues take up کروں گا۔ سب سے پہلے تو جو صبغت اللہ صاحب نے Law and Order situation پہ بات کی ہے، میں اس کو support کرتا ہوں۔ میں یہ request ضرور کروں گا کہ یہ talk of the town ابھی بن چکا ہے، مختلف جگہوں پہ دہشتگردی کے بارے میں بات چیت ہو رہی ہے۔ Even طالبان کا ایسے علاقوں میں موجود ہونا اور جہاں پر بڑے critical areas ہیں، اس پہ بات بھی ہونی چاہیئے، اس کے خلاف action بھی ہونا چاہیئے اور National Action Plan کے تحت عمل درآمد بھی ہونا چاہیئے۔ اگر اس کو review کرنا ہے تو review کر لیں اور اس کو سیاست سے بالاتر ہو کر کے دیکھیں۔ جب ہم بات کرتے ہیں تو ہم صرف Point of Order پہ اس کو point out نہیں کرنا چاہتے، لیکن ہماری کوشش یہی ہے کہ حکومت کی توجہ اس بات پہ دلائیں کہ اگر دہشتگردی رہے گی تو ترقی نہیں ہو گی اور دہشتگردی ختم ہو گی تو ترقی ہو گی، ملک مضبوط ہو گا، دہشتگردی واحد چیز ہے جو پوری قوم اور ملک کی ایک ساتھ دشمن ہے۔ تو میں اس کو support کروں گا۔ جس طریقے سے اچکزئی صاحب نے point out کیا ہے کہ اس پر سیر حاصل بحث ہو، سب لوگ discussion کر لیں۔ کچھ ایسی چیزیں میرے notice میں بھی لائی گئی ہیں۔ میں ابھی بونیر سے ہو کے آیا ہوں۔ والدہ کی وفات کے بعد وہاں لوگ میرے notice میں لے کے آئے ہیں۔ میں بھی چاہوں گا کہ وہ میں privately share کروں۔ تو میں بھی ان شاءاللہ ان کے notice میں لے کے آؤں گا۔

جناب سپیکر! افغانستان کے ساتھ اس وقت situation بڑی critical ہے، لیکن ایک situation کی طرف توجہ دلاؤں گا۔ وہاں ہمارے کافی students ہیں۔ ہزاروں کی تعداد میں پاکستانی students جن کو یہاں admission نہیں ملے یا جو لوگ یہاں afford نہیں کر سکتے تھے تو ان کی خواہش تھی کہ وہ education حاصل کریں، انہوں نے وہاں degree حاصل کی اور medical education کے لیے گئے ہیں۔ Medical education بڑی important ہے، ان کا وقت بڑا important ہے، ان کے والدین کی بڑی contribution ہے۔ ان بچوں نے جس وقت admission لیا تو وہ ساری PM&DC کی universities approved university کی list میں تھیں۔ اب ان بچوں نے وہاں admission بھی لے لیا، education بھی مکمل کر لی، انہوں نے degree بھی حاصل کی۔ وہ جب پاکستان آئے تو unfortunately ابھی PM&DC نے جو test رکھے ہیں، جس کو پاس کر کے ایک

entry testہوتاہے جس کے بعد آپ کو ایک medical practitionerکاcertificateمل جاتاہے۔جناب سپیکر!ان بچوں کو روکا گیاہے۔جو بھی آپ کیforeign policyہو گی، جیسے بھی ہو گی، لیکن بچے ہمارے ہیں،educationکامعاملہ ہےاوران کاجو وقت ضائع ہو گا، یہ سب کچھ ہماراہے۔

جناب سپیکر! میں حکومت کی توجہ اس بات کی طرف ضرور دلاؤں گا کہ ان بچوں کا وقت ضائع نہ ہو۔ یہاں gradually یاتو ہمارے exams نہیں ہوتے ، exams ہو جائیں تو پرچے leak out ہو جاتے ہیں اور خاص کر ڈگریاں بھی ایسے مل جاتی ہیں۔ اگر ان کی educationپر آپ کواعتراض ہو تو وہ تو ایک الگ بات ہے، لیکن جس وقت وہ جارہے تھے،وہ ساری approved universities تھیں by the PM&DC. All of a suddenان کواس طرح کرناہمارے بچوں کا مستقبل داؤپہ لگ جائے گا۔میں ان سےrequestکروں گاکہ اس کودوبارہseriouslyدیکھیں۔

جناب سپیکر: ڈاکٹر طارق صاحب ،اس پر information لے لی جائے اور آخر میں kindly respondکر لیجئے گا۔ Important issueہےاور بچوں کے مستقبل کی بات ہے۔

جناب گوہر علی خان: دوسری بات جناب سپیکر، میں کہوں گا کہ UAE پاکستان کاایک بڑادوست اور مسلم ملک ہے،اور ہمارے بہت سارےinterestاکٹھے ہیں، لیکنunfortunatelyجو بھی ہواہے،after the Iran-America Warاورہم چاہتے ہیں جس طرح پاکستان نےایک Pact بھیsignکیاہے، ترکی والے بھی،اور ہم سارے چاہتے ہیں کہ پاکستان کادفاع مضبوط ہو، ترقی ہو،سب کچھ ہو، لیکن عوام کاکچھconcernضرور ہےاورجو pact signہو جاتے ہیں،ہم نے مسلسل رابطہ کیاہے،وزیردفاع یہاں موجودہیں،اس پارلیمنٹ کے ساتھ بھی شیئر کریں، کیاکچھ ہواہے۔جنرل پبلک سے ہمیں جو،انفارمیشن ملتی ہے،وہ الگ ہے، لیکن ہم چاہتے ہیں کہ پاکستان کادفاع مضبوط ہوں اوراس میں سب شامل ہو،تواس لیے جو بھی کوئی pact signہو جاتاہے، پارلیمنٹ کوضروران چیزوں پراعتماد میں لے لیں کہ کیاکچھ ہورہاہے۔

UAE،کاspeciallyمیں ذکر کروں گاجناب سپیکر! UAEمیں ایساہورہاہے کہ پاکستان کے بہت سارےلوگ UAE میں کام کر رہے ہیں،اورmajorityآپ نے دیکھاہو گاجناب سپیکر،مڈل ایسٹ سے جتنا بھی فارن ایکسچینج ہمیں ملتاہے،اس کا major chunk UAE کی طرف سے آرہاہے۔وہ لوگ اپنی فیمیلیز کو واپس یہاں بھیج رہے ہیں،وہ تعلیم حاصل کررہے ہیں،وہ بزنس کررہے ہیں۔ابھی ان کے بزنس اور ویزے کے ساتھ ایک پرابلم آرہاہے۔جن لوگوں کے ویزےexpireہو گئے ہیں،ان کوrenewنہیں کیاجارہا، خاص طور پر وہ لوگ جو پاکستان میں ہیں، ان کاویزہrenewنہیں کیاجارہا۔جولوگ UAE میں ہیں،ان کے ویزےrenewکیے جارہے ہیں۔ بعض ایسے ویزے ہیں جو ابھیvalid ہیں،ان ویزوں کو بھی کینسل کیاگیاہے۔جولوگ وہاں بزنس کرتے ہیں،ویزے کینسل ہونے کے سبب ان کے کاروبار بھیaffectہو گئےاوران کا renew بھی وہاںstickرہا۔یہ ایک بڑاserious issueہے جس پہ میرے پاس بھی ایک رپورٹ آئی ہے، ہماری پارٹی کاایک بہت اچھا

worker ہے،اس کا نام، عبدالعزیز، پیر بابا کا رہائشی ہے۔ اگر طارق فضل چودھری صاحب چاہیں انہوں نے بہت سارا ڈیٹا collect کیا ہوا ہے، جس میں پوری detail موجود ہیں، وہ ان کے ساتھ tie-up کر دیتے ہیں۔ ہم اپنی بھی detail دے دیتے ہیں۔ لیکن ان دونوں issues کو ضرور discuss کر لیں۔ اگر ہمارے لوگوں کے کاروبار اور ویزوں کو، وہاں پر ابلم ہو جاتا ہے تو یہ جو revenue ہے، وہ ہم export کرتے ہوئے پھر نہیں کما سکیں گے، جتنا revenue وہ لوگ ہمارے پاس یہاں بھیجتے ہیں۔ تو یہ تین پوائنٹ ہیں، میں ان کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: ڈاکٹر صاحب بعد میں respond کیجیے گا، کیونکہ کئی چیزیں آرہی ہیں، اور ہیلتھ کا بھی۔ خواجہ صاحب۔

وزیر برائے دفاع (خواجہ محمد آصف): گوہر صاحب نے جو فرمایا ہے میں welcome کرتا ہوں۔ جو UAE کی situation ہے وہ میرے علم میں ہے، میں وہاں 13، 14 سال رہا ہوں، اس لیے مجھے officially اور unofficially بھی situation کا پتہ ہے۔ میں definitely House کو بریف کرنے کو تیار ہوں۔ جہاں تک Pact کا تعلق ہے، وہ بھی ان شاءاللہ گوہر صاحب کا فرمانا بالکل سر آنکھوں پہ، کہ ہاؤس کو اس سلسلے میں اس Pact کی جو بھی details publicly disclose کی جاسکتی ہیں، وہ ضرور کی جائیں گی۔ اس کا مجھے نہیں پتہ کہ کیا disclose ہونا چاہیئے وہ close door میں بھی بتایا جاسکتا ہے۔ تو ان دونوں issues کے اوپر اگر مجھے آج کا ٹائم دے دیں، کل میں بریفنگ لیکر ان شاءاللہ دونوں issues کے اوپر ہاؤس کو بریفنگ دے دوں گا۔ لیکن UAE کا میں ایک دو فقروں میں بتاؤں گا کہ یہ اس میں زیادہ تر وہ لوگ ہیں، بلکہ زیادہ تر نہیں، 80-90 فیصد وہ لوگ ہیں جن کو ویزوں کی problem ہوئی ہیں یا جو deport ہوئے ہیں، جنہوں نے اس جنگ میں بڑے واشگاف طریقے سے sides لی ہیں، اس سے زیادہ میں نہیں کہوں گا، ہاؤس میں کھڑے ہو کے، یعنی وہ فریق بنے ہیں تو لازمی طور پر جس ملک میں آپ رہ رہے ہوں تو آپ اس کے خلاف کسی جنگ میں فریق بنیں، تو وہ ملک حق رکھتا ہے کہ وہ retaliate کرے۔ بہت شکریہ۔

جناب سپیکر: سید حسین طارق صاحب۔

سید حسین طارق: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ سب سے پہلے تو میں آپ کا شکر گزار ہوں کہ آپ نے ٹائم دیا۔ ایک بہت ہی important subject ہے جس پہ میں بات کرنا چاہ رہا تھا اور اتفاق سے آج Minister for Water Resources ہمارے بڑے بھائی آنریبل وٹو صاحب بھی موجود ہیں۔ سر! پچھلے کچھ سال سے بلکہ دہائیوں سے ہمارے پاس Indus river ہے اور جو دوسرے rivers ہیں، اس میں پانی کا جو flow ہوتا ہے اس پر بڑے concerns ہو گئے ہیں کیونکہ ایک دم ہمارے پاس flood like situation بن جاتی ہیں۔ ہمارے پاس 2010ء میں بھی super flood آیا تھا اور اس کے بعد 2022ء اور 2021ء میں بھی بہت بڑے floods آئے۔ اس کے بعد recently پچھلے سال پنجاب تقریباً ان دریاؤں کی وجہ سے ڈوب گیا اور اس سے پہلے سندھ کو بہت زیادہ نقصان ہوا، وہاں پہ بھی پانی بہت زیادہ آیا اور ہماری معیشت کو بھی نقصان ہوا اور جس طرح recently ہمیں بتایا جاتا ہے کہ پڑوسی ممالک میں پانی کو روکنے کی یا پھر at a time اس کو چھوڑنے کی کوشش کی جاتی ہے کیونکہ وہ kinetically ہم پر attack نہیں کر سکتے بلکہ یہ non-kinetic attacks ہیں تو اس کے لیے

میں چاہ رہا تھا کہ سرہاؤس کو منسٹر صاحب brief کر دیں اور اگر یہاں پہ ان کے پاس ان چیزوں سے اگر انہوں نے کچھ سیکھا ہے، کچھ تجربہ حاصل کیا ہے تو ہمارے ساتھ اس ہاؤس میں share کر دیں، ورنہ Standing Committee میں کم از کم اس کو as a Agenda لے جائیں تاکہ اس کے اوپر یہ بہت important topic ہے، صرف agriculture کے لیے نہیں ہے، پورے پاکستان کے لیے بہت important topic ہے and once again I am grateful کہ آپ نے ٹائم دیا کہ ہم اس چیز کو discuss کر سکیں۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ وٹو صاحب ابھی نہ respond کیجئے تاکہ ہم باقی ممبران کے points لے لیں۔ لوگوں کے identical issues ہیں اور جو منسٹر صاحبان ہیں بعد میں wind up کریجئے گا اور Standing Committee میں بھی take up کر لیں because یہ water کا issue کافی delicate ہو گیا ہے۔ وٹو صاحب کا مائیک کھولیں۔

وزیر برائے آبی وسائل (جناب محمد معین وٹو): شکریہ جناب سپیکر! انہوں نے جو ایک apprehension کا اظہار کیا ہے تو میں اس سلسلے میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ یقیناً درست بات ہے کہ خاص طور پہ جو agriculturists ہیں یا وہ لوگ جو دریا کی زد میں یا flood کی صورت میں انہیں نقصان یا damage ہوتا ہے، انہیں فکر مند ہونے کی ضرورت بھی ہوتی ہے اور اس بات کے بارے میں آگاہی بھی ضروری ہے۔

اس وقت میں معزز ممبر کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ سردست جتنے بھی دریا eastern یا western ہیں، وہ سارے کے سارے normal ہیں اور جہاں تک تربیلا dam کی صورتحال ہے، جہاں سے دریائے سندھ اور سندھ میں پانی جانے کا اور وہاں سیلاب کا خطرہ زیادہ محسوس کیا جاتا ہے، اس وقت تربیلا dam میں بھی پانی اس کی capacity کے مطابق موجود ہے، مگر اتنا زیادہ پانی نہیں ہے کہ کوئی سیلاب کی صورتحال بن جائے اور ابھی تک پانی تقریباً پندرہ سو پچاس foot پہ ہے اور وہ normal ہے صورتحال، اس لیے کوئی پریشانی والی فی الحال بات نہیں ہے۔ تمام کے تمام دریا جو ہے وہ normal ہیں اس وقت کہیں بھی flood کی کوئی apprehension نہیں ہے۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، میرا خیال ہے آپ ان سے بات کر لیں، let's move on۔ اسد قیصر صاحب۔

جناب اسد قیصر: بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ شکریہ جناب سپیکر! بیرسٹر گوہر صاحب نے بھی اس کی وضاحت کی ہے۔ UAE ایک ہمارا اسلامی برادر ملک ہے۔ ہمارے اس کے ساتھ بہت اچھے تعلقات ہیں اور ہماری خواہش ہے کہ اس کے ساتھ ہمارے تعلقات مزید بڑھیں کیونکہ UAE کی ترقی میں پاکستانی قوم کا ایک بہت بڑا contribution ہے۔ لیکن میں کیونکہ خود travel کر رہا تھا اسی دن جس دن یہ attack ہوا تو پھر ساری جو flights تھیں وہ cancel ہو گئیں۔ وہاں پاکستانیوں کے ساتھ جو رویہ رکھا گیا وہ بہت ہی نامناسب تھا، یعنی ایسی announcement ہو رہی تھی کہ صرف انڈیا اور امریکہ کے passport holder ۔ یعنی میرے ساتھ کچھ پاکستانی تھے۔

جناب سپیکر: طلال صاحب، یہ بڑی important بات ہے، یہ جو ابھی انہوں نے بات کی، ذرا repeat کر دیجئے۔

جناب اسد قیصر: UAE کی ہم بہت respect کرتے ہیں ہے۔ ہماری خواہش ہے کہ UAE کے ساتھ ہمارے تعلقات مزید بڑھیں اور UAE کو بنانے میں پاکستانیوں نے بہت بڑا contribution کیا ہے۔ خواجہ آصف صاحب نے جو ایک اشارہ دیا، میں اس کے حوالے سے بات کرنا چاہتا ہوں کہ شاید یہ وہ لوگ ہیں جنھوں نے social media استعمال کیا ہے اس میں پاکستان نے بہت مضبوط اور positive response کیا ہے پورے scenario میں۔ میں صرف اتنا کہتا ہوں کہ میں خود travel کر رہا تھا، اسی دن جنگ شروع ہوئی تو flight cancel ہو گئی۔ ہم پریشان تھے، ادھر سے ہم مزید flight لینا چاہتے تھے یا information لینا چاہتے تھے یا hotel جانا چاہتے تھے۔ ہمارے پاکستانیوں کے ساتھ سلوک اچھا نہیں ہوا۔ اس وقت speaker سے وہ announcement کر رہے تھے اور کہہ رہے تھے کہ only Indian and American passport holder وہ entertain ہوں گے۔ میں نے خود احتجاج کیا، بات کی concerned لوگوں کے ساتھ، سر! ان کا رویہ جس طرح تھا مجھے اس پہ افسوس ہے۔ تو اس دن میں نے محسوس کیا کہ پاکستان کے ساتھ جو رویہ ہے وہ مناسب نہیں ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ جو ہمارے diplomatic channel ہیں ان کو take up کرنا چاہیئے۔ پاکستان کی عوام UAE کی حکومت اور عوام کے ساتھ محبت اور respect کرتی ہے۔ لیکن ابھی بھی ہمیں رپورٹس آ رہی ہیں۔ یقین جانیں، مجھے خود ایک باقاعدہ پورا وفد ملنے آیا کہ ہمارے ساتھ اُن کا رویہ مناسب نہیں ہے۔

میں اپنی پارٹی کی طرف سے گورنمنٹ کو بھی request کرنا چاہتا ہوں کہ ہم UAE کو پھلتا پھولتا دیکھنا چاہتے ہیں، اس کی ترقی چاہتے ہیں۔ پاکستانی قوم UAE کے بارے میں بہت respect کا اظہار کرتی ہے۔ اور پاکستان نے تو بہت مثبت role play کیا ہے، اس نے کسی کی سائیڈ نہیں لی، ایک balance role play کیا۔ لیکن اس کے باوجود ہمارے لوگوں کو بہت تشویش ہیں۔

میں اپنے Foreign Office سے اور خاص کر وزیر خارجہ سے بھی request کروں گا کہ وہ UAE کی authorities کے ساتھ یہ معاملہ take up کریں۔

جناب سپیکر: طلال صاحب میرا خیال ہے آپ لوگ، Foreign Affairs والوں کے ساتھ اور ڈاکٹر صاحب آپ بھی ذرا یہ issue take up کر لیجیئے گا جو انہوں نے بتایا ہے۔ میرا خیال ہے دونوں طرف کے ممبران کے یہ issues ہیں۔ تو آپ بھی دیکھ لیجیئے گا اور ڈاکٹر صاحب Foreign Affairs سے بھی بات کر لیں۔ ٹھیک ہے۔ جی عالیہ کامران صاحبہ۔

محترمہ عالیہ کامران: سر! آپ کا بہت شکریہ۔ سر! میں جو توجہ دلانا چاہ رہی ہوں۔ جس طرح حج درخواستوں کا عمل شروع ہو گیا ہے اور حج معاونین کے لیے بھی Online جو ہے وہ 17 تاریخ سے لے کے 27 تک تاریخ کھولی گئی ہیں۔ سر! یہ جو Open Testing Service (OTS) ہے سر! اس کے متعلق میں نے توجہ دلائی ہے۔ ان کی ہیلپ لائن سر مسلسل بند جا رہی ہے۔ آپ اس پہ فون کرتے رہیں کوئی اٹھانے والا وہاں پہ موجود نہیں ہے۔ تو سر! کوئی مختلف قسم کے سوالات ہوتے ہیں، کوئی مشکلات ہیں۔ تو وہ کس طرح سے حل ہوں گے؟ اسپیشل بلوچستان میں جو حج

معاونین کا کوٹہ ہے انہوں نے بھی انہی تاریخوں کے اندر سر اپنے کاغذات کو جمع کرانا ہے اور وہاں پہ internetکا problemہے۔ تو جب internetکا problem ہے۔ توonlineان کو بہت دشواری ہورہی ہے اور یہ جوOTS ہے سر! یہ مسلسل اس کی ہیلپ لائن بند ہے۔ تو جب ہم یہ testing services کوhireکرتے ہیں۔ توان کاایک معیار ہوتا ہے سر اس کیcapabilityاور ان کی ساری چیزیں وہ سامنے ہونی چاہیئں، ان کیaccountabilityہونی چاہیئے۔

جناب سپیکر: ڈاکٹر صاحب۔

محترمہ عالیہ کامران: تو منسٹر صاحب اس کے اوپر توجہ دیں۔ یہ ہمارے، بلوچستان والوں کے لیے ایک بہت بڑاایشو بنا ہوا ہے۔

جناب سپیکر: یہ ذرا لکھ کے بھی دے دیجیئے گا تاکہ ان کو بھیج بھی دیتے ہیں تاکہ جن جگہوں پہ نہیں ہے۔ تو اس میں ڈاکٹر صاحب IT Ministryکو بھی کہنے کی ضرورت ہے۔

محترمہ عالیہ کامران: سر! آپ ابھی نمبر ملالیں وہ نمبر نہیں مل رہا سر۔

جناب سپیکر: اس کے علاوہ Ministry of Religious Affairsاور یہTesting serviceوالے۔

محترمہ عالیہ کامران: جی، سر۔

جناب سپیکر: اسد عالم نیازی صاحب۔

جناب اسد عالم نیازی: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ سر! honourable Memberنے بات کی یہvisaکے بارے میں، میں بات تو کسی اور کی کرنا چاہتا تھاbut just from the last one monthمیں صرف دو دفعہ گیا ہوں جب یہ جنگ startہوئی تو اس وقت problem تھی۔ لیکن اس وقت جب میں گیا دونوں دفعہ تو سر! وہاں پہ جوان کے شرطے کھڑے ہوتے ہیں میں نے کہا I have an official passport, so they gave me the exclusive line; I just went out.

Mr. Speaker: Do you exit very fast?

Mr. Asad Alam Niazi: I think, but I checked when I came back.

Foreign Office اور Interior Ministerدونوں نے اس کیس کوtake upکیا اورForeign Officeنے وہاں بات کی۔ تو میرے خیال میں سر! دوسرے لوگوں کا کچھproblemہے لیکن سرکاری پاسپورٹ کا کوئیproblemنہیں ہے، سر۔

دوسری سر! میں جو بات کرنا چاہتا تھا۔ سب سے پہلے میں پاکستان اور دنیا بھر میں بسنے والے تمام پاکستانی بھائیوں بہنوں اور جوانوں کو جو یہ ہمارے لیے ایک monthہے آزادی کا میں سب کو مبارکباد پیش کرنا چاہتا ہوں۔ اور میں یہ ایک requestکرنا چاہتا ہوں سر! کہ یہ14اگست کو یہاں ہال میں منانا چاہیئے اور یہاں پہ flag raising اسمبلی میں ہو اور پاکستان کے بارے میں speechesہوں۔ بہت شکریہ سر۔

سر! میں جو بات کرنا چاہتا تھا جس کے لیے ایک منٹ کا ٹائم۔۔

جناب سپیکر: وہ تو آپ بھول گئے۔

جناب اسد عالم نیازی: سر! نہیں، میں بھولا نہیں مجھے یاد ہے سر۔

جناب سپیکر: اچھا جی۔

جناب اسد عالم نیازی: سر! میں بات کرنا چاہتا ہوں K-Electric کے بارے میں۔ سر! یہ almost اڑھائی سال ہو گئے ہیں، ہمیں اس کے اوپر بات کرتے ہوئے کہ K-Electric ایک بہت بڑا مافیا ہے اور اس کی کوئی accountability نہیں ہے۔

سر! اس وقت کراچی میں بالخصوص میرے ایریا میں 20 سے 22 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ ہو رہی ہے۔ اور سر! میں نے کبھی بھی یہ نہیں کہا، آج I wanted to say it on the record جو لوگ بل نہیں دیتے ان کو بجلی نہ دیں۔ لیکن majority bill pay کرتے ہیں ان کو بھی نہیں دیتے۔ Collective punishment کا تو last tenure میں آپ ادھر تھے جب بل پاس ہوا تھا کہ فاٹا میں بھی انہوں نے ختم کر دی تھی کہ یہ انسانیت humanity کے against ہے۔

تو میری سر! یہ request ہے کہ یہ K-Electric کے CEO کو یہاں بلایا جائے اور جو کراچی کے ایم این ایز ہیں ان کے ساتھ ایک میٹنگ کرا کے اس مسئلے کو حل کیا جائے۔

سر! اس کے بعد میری یہ recommendations ہو گی کہ ابھی K-Electric کو 1200 mmcfd گیس دی گئی ہے اور اس کا جو ریٹ ہے وہ 1450 روپے per MMBtu ہے۔ سر! کیا وہ یہ electricity جو بنائیں گے، کیا وہ کراچی کے عوام کو یہ pass on کریں گے یا نہیں کریں گے؟ سر بڑی یہ اہم بات ہے کیونکہ یہ میں سمجھتا ہوں کہ اس پہ ڈاکہ ڈالا گیا ہے جو گیس آپ چار ہزار میں بیچ رہے تھے وہ آپ نے 1400 روپے میں بیچ دی۔ تو یہ بہت ضروری ہے۔

سر! میں آخر میں صرف دو باتیں کروں گا۔ ایک تو یہ ہے سر! کہ K-Electric کا پانچ سال کا آڈٹ ہونا چاہئیے اور ان کو گورنمنٹ کتنی subsidies دے چکی ہے پانچ سال میں اور کیوں دے چکی ہے؟ اور میں صرف یہ کہوں گا کہ سر! جب تک یہ مسئلہ حل نہیں ہوتا، جب ہماری اسمبلی ہو ایک گھنٹے کی یہاں پہ لوڈشیڈنگ ہونی چاہیئے، یہاں پہ اے سی نہیں چلنا چاہیئے سر۔ بہت شکریہ سر۔

جناب سپیکر: جی شکریہ۔ جی حمید حسین صاحب۔

جناب حمید حسین: اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! جس طرح ملک کے حالات ہیں اور اسی ہال میں شروع سے آج تک تقریباً دو سال ہو گئے، میں بار بار یہ کہتا چلا آ رہا ہوں کہ ہمارے علاقے کا جو روڈ ہے۔ آج کل 22 گھنٹے روڈ بند رہتا ہے یہ روڈ جو 30، 35 کلو میٹر ہے، اس پہ چار ارب روپے صرف پولیس کی چیک پوسٹوں پر لگ گئے۔ پولیس کی چیک پوسٹ تو بن گئے۔ اس کی باوجود ابھی بھی روڈ بند ہے۔

جناب سپیکر! میں request کرتاہوں کہ خدا کے لیے کہ یہ جو نیشنل ایکشن پلان ہے اس کو واضح کیا جائے۔ آج کل ہاؤس کا پورا نظام انٹرنیٹ پہ چل رہاہے، Question ہیں یا Business ہے۔اور ہمارا علاقہ ان سہولیات سے بھی محروم ہے تو اس پہ جناب سپیکر! میری بھی یہ request ہے کہ باقاعدہ اس پہ debate ہونی چاہیئے اور یہ clear کرنا چاہیئے کہ آخر اس کو ختم بھی کرنا ہے کہ جاری رکھنا ہے۔

سر! میں ایک اور request بھی کررہاہوں کہ جس طرح میں نے پہلے واپڈا کے بارے میں بات کی تھی، آپ نے ان کو نوٹس کا بھی کہا تھا کہ اس کا نوٹس لے لیں۔ ہمارے ہاں 24 گھنٹوں میں صرف 2 گھنٹے بجلی آتی ہے۔ بات یہ کی جاتی ہے کہ لوگ پیسے نہیں دیتے، لوگ payment نہیں کرتے ، میں نے پہلے بھی بتایا اور آج بھی بتاتا ہوں کہ ہماری meeting کرائی جائے ، جس طرح ملک کے دوسرے حصوں میں payment ہوتی ہے ہم اس کیلئے تیار ہیں لیکن ہمیں بجلی دی جائے۔ جناب سپیکر! میں نے ساتھ یہ بھی کہا تھا کہ ہمارے علاقے میں کچھ ٹرانسفارمرز رشوت کے طور پر دیئے گئے تھے لوگوں نے گھروں میں رکھے ہوئے ہیں تو مہربانی کرکے یہ ٹرانسفارمرز کسی طریقے سے نکلواکر ضرورت مند لوگوں کو دیئے جائیں اور اُن کی ضروریات پوری کی جائیں۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ عثمان بادینی صاحب۔

جناب محمد عثمان بادینی: جناب سپیکر! شکریہ۔ میرے لئے تو بڑا مشکل ہے، مولانا صاحب بھی بیٹھے ہیں تو بات کرنا بڑا مشکل ہو جائے گا۔

جناب سپیکر: آپ صحیح کہتے ہیں، پھر تھوڑی دیر کے بعد کر لیجیئے گا۔ میں آپ کی situation سمجھتاہوں۔

جناب محمد عثمان بادینی: بہت شکریہ۔

جناب سپیکر: سلیم الرحمٰن صاحب۔ سلیم الرحمٰن دادا صاحب۔

جناب سلیم الرحمٰن: بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ جناب سپیکر! بہت شکریہ۔ دہشت گردی کے حوالے سے بات ہو رہی ہے تو ابھی 2 اگست کو سوات میں ایک خود کش دھماکہ ہوا تھا جس میں تقریباً 7 پولیس والے اور 10 سویلین شہید ہوئے تھے اور کافی causalities بھی ہوئی ہیں، بہت نقصانات بھی ہوئے ہیں۔ مجھے سمجھ نہیں آرہی کہ پاکستان تحریک انصاف کے دور میں یہ معاملہ ختم ہو گیا تھا۔ ہم تو دہشت گردی کا معاملہ 2007 اور 2008 سے دیکھ رہے ہیں۔ ہمارے لوگوں نے خاص طور پر ملاکنڈ اور سوات کے لوگوں نے IDPs بن کر اور مختلف علاقوں میں رہ کر بہت تکالیف اٹھائی ہیں۔ ابھی پھر سے وہ معاملہ شروع ہو گیا ہے تو میں سمجھتاہوں کہ مرکزی حکومت کو اس میں کردار ادا کرنا چاہیئے۔

سوات ایک tourist علاقے پر مشتمل ہے جہاں سیاحت بہت ہے، وہاں پر ہمارا اور کوئی ذریعہ معاش نہیں ہے۔ ہم صرف hotels اور سیاحت پر depend کرتے ہیں۔ دہشت گردی کی وجہ سے ہمیں بڑا نقصان ہو رہاہے، tourism پر بڑا اثر پڑتا ہے، سیاح آنے سے ڈرتے ہیں اور لوکل لوگ وہاں پر چلنے پھرنے کے قابل نہیں رہے۔ ہمارے لوگوں نے بہت نقصانات اٹھائے ہیں۔ اُس پر ستم یہ کہ مرکزی حکومت نے ہم پر ٹیکس بھی لاگو کر دیاہے، افسوس کی بات ہے، ہم نے اس حوالے سے بہت احتجاج بھی کیا ہے لیکن ٹیکسوں کا معاملہ ابھی تک اُسی طرح پڑا ہوا ہے۔ تو میں اپنی

مرکزی حکومت سے request کروں گا کہ اس پر ضرور نظرثانی کی جائے کیونکہ ہم لوگ اس کو handle نہیں کر سکتے۔ جو ٹیکس ہم پر لاگو کیئے گئے ہیں، ہمارا بہت پسماندہ علاقہ ہے، بہت کمزور لوگ ہیں، غریب ہیں اور ان پر یہ ستم ظریفی ہم برداشت نہیں کر سکتے۔ دوسرا دہشت گردی نے ہمارے علاقوں میں جو تباہی پھیلائی ہے تو اس سے بھی بہت نقصان ہوا ہے۔ Hoteling تقریباً بند ہو چکی ہے، خاص طور پر واپڈا نے بھی ہمارے علاقے میں بہت ستم ظریفی اٹھائی ہوئی ہے۔ ہمارا سوات % 100 بل دیتا ہے، سوات سے recovery % 100 ہے اور اس کے باوجود اٹھارہ اٹھارہ، بیس بیس گھنٹے لوڈشیڈنگ ہوتی ہے تو میں request کروں گا واپڈا والوں اور مرکزی حکومت سے بھی کہ ہم پر رحم کریں اور ہمارے اوپر ہلکا ہاتھ رکھیں۔

آخر میں یہ کہنا چاہوں گا کہ یہ جو تمغے 14 اگست اور 23 مارچ کو بانٹے جاتے ہیں ان میں کبھی ہمارے علاقوں کو بھی، خاص طور پر KP پولیس نے جتنی قربانیاں دی ہیں، ایک بھی تمغہ ہماری پولیس کو نہیں دیا گیا تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہمارے ساتھ اور ہماری پولیس کے ساتھ ناانصافی ہے تو میں request کروں گا کہ ان میں ہمارے پولیس والوں کو بھی شامل کیا جائے، بہت شکریہ، بڑی مہربانی۔

(اس موقع پر جناب ڈپٹی سپیکر کرسیٔ صدارت پر متمکن ہوئے۔)

جناب ڈپٹی سپیکر: شازیہ مری صاحبہ۔

شازیہ مری: بہت شکریہ۔ سر! ایک بہت ہی important issue پر میں حکومت کی خاص توجہ چاہوں گی۔ یہاں پر مجھے Parliamentary Affairs کے Minister نظر نہیں آرہے، نہ Law Minister نظر آرہے ہیں لیکن I would still like to raise this issue. ہم نے یہ issue پہلے بھی raise کیا تھا اور ہمیں Law Minister صاحب کی طرف سے assurance دی گئی کہ ہمارے اس concern کو address کیا جائے گا۔ Sir! CCI is a very important Constitutional forum. جس کے حوالے سے پاکستان کے آئین میں واضح طور پر لکھا ہوا ہے کہ کتنے عرصے میں اس کی میٹنگ ہوگی اور کون سے اہم معاملات between federation and provinces یہاں take up ہوں گے۔ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ وفاقی حکومت کا interest اپنی آئینی ذمہ داری کو پورا کرنے میں نظر نہیں آرہا۔ ہم نے متعدد بار ان کو CCI کا reminder دیا۔ ہمیں reminders ملے، ہمیں assurance ملی لیکن آج تک CCI کی میٹنگ نہیں بلائی گئی۔ ڈاکٹر صاحب یہاں بیٹھے ہیں میں ان سے سوال کروں گی کہ مجھے date check کر کے یہ بتادیں کہ آخری CCI meeting کون سی تاریخ کو بلائی گئی تھی۔ معاملات کی ایک لمبی فہرست ہے between the provinces and federation. Questions which are related to provincial affairs have to be dealt in consultation with the Federal Government. اگر آپ 90 days کے اندر اپنی meeting at least

honourable ڈپٹی سپیکر صاحب! please یہ بتائیے، مجھے Article 154 کی کھلی خلاف ورزی کر رہے ہیں۔ once نہیں بلاتے تو آپ آپ کے توسط سے میں Parliamentary Affairs کے Minister صاحب سے سوال کروں گی کہ مجھے یہ بتادیں کہ CCI کی آخری میٹنگ کس تاریخ کو بلائی تھی؟ State Minister for Law بھی موجود ہیں وہ بتا سکتے ہیں اور مجھے بتادیں کہ جو آئین کے مطابق ایک اہم ترین فریضہ ہے to call CCI یہ کب پورا کریں گے؟ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ اسلم گھمن صاحب on Point of Order۔

جناب محمد اسلم گھمن: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ جناب ڈپٹی سپیکر! السلام علیکم اور بہت شکریہ۔ میں اس ملک کے جو سب سے بڑے مسائل ہیں، ہماری بد قسمتی ہے کہ آپ نے کبھی اس House کو یا شاید یہ لوگ خود نہیں بولنا چاہتے، ہماری عوام پس رہی ہے۔ آپ کوئی department لے لیں جہاں corruption نے گھر نہیں کیا ہوا۔ میں واپڈا سے شروع کرتا ہوں۔ واپڈا پچھلے 78 سال سے ہمارے لیے ایک سفید ہاتھی ہے جو سنبھالا نہیں جا رہا۔ لوڈشیڈنگ ہے، ہمارے حلقوں میں تاریں لٹکی ہوئی ہیں، transformers under capacity ہیں، ہمارے لیے حلقے میں جانا محال ہوتا ہے، لوگ یہی کہتے ہیں ہماری بجلی نہیں ہے، ہمارا ٹرانسفارمر جل گیا ہے۔ میں نے Minister موصوف سے بھی کئی دفعہ بات کی ہے، ہمیں یہاں تقریروں پر ٹرخا دیتے ہیں۔ اس کے بعد ظلم دیکھیں IPP جو ایک سفید ہاتھی ہے جس نے ہماری economy کا بیڑا غرق کر دیا ہے، اس کے اوپر capacity charges، آپ بجلی لیں نہ لیں۔ ابھی ایک اور ماشاءاللہ، میں کل Dawn اخبار میں پڑھ رہا تھا کہ LNG پر بھی capacity tax ہے اور ہم ہر مہینے 15 million dollars LNG پر charges دیتے ہیں۔ میں تو سمجھتا ہوں کہ یہ ٹیکس جس سے یہ اپنی مراعات لیتے اور جہاز خریدتے ہیں، نئی گاڑیاں خریدتے ہیں وہ بھی capacity charges ہیں۔ یہاں ہمارا کوئی پرسانِ حال نہیں ہے۔ دوسری طرف پیٹرول پر آجائیں، پیٹرول پر پھر آپ 125 روپے سے لے کر 130 روپے تک taxes لے رہے ہیں، levy ہے 80 روپے سے اوپر، customs duty ہے، اور اس کے بعد income tax ہے۔ یہ سوا تین سو روپے فی لیٹر پیٹرول ہے۔ اور اگر یہ taxes Government کم کر دے، اپنے اخراجات کم کر دے، اپنی فوج ظفر موج وزیروں کی کم نہیں کی۔ کل میں GT Road پہ آرہا تھا، توان کا ایک وزیر بڑی سرکاری گاڑی میں چھ سو میل چل کے وہ آرہا تھا، میں نے آنکھوں سے دیکھا ہے، سر! غریب آدمی کو کہتے ہیں کہ آپ گاڑی استعمال کم کریں، آپ motorcycle پہ جائیں، تو خدارا یہ مسائل کون حل کرے گا غریبوں کے؟ ہم یہاں کس لیے بیٹھے ہوئے ہیں؟

ابھی میں کسان کی طرف آتا ہوں۔ تین سال میں تین فصل کسان کے رُل گئے ہیں۔ اس سال Punjab Government نے پینتیس سو روپے مقرر کی support price، جبکہ کسان سے 2500 روپے سے 3000 روپے پہ خریدی گئی۔ آج وہی price جو آڑھتی ہے یا middle man ہے، 4500 روپے پہ لے رہے ہیں۔ اوپر سے ستم ظریفی کہ باہر سے گندم منگوائی جا رہی ہے، اڑھائی لاکھ metric ton ۔

اسی طرح 2024 سے پہلے بھی منگوائی گئی تھی۔ تو اس کا کون پرسانِ حال ہے؟ یہاں discussion ہونی چاہیئے۔ غریب کا تو کوئی نہیں سوچ رہا۔ میں صرف دو سے تین منٹ لوں گا آپ کے، حلقے کے دو تین مسائل ہیں۔

میں نے یہاں آج سے ڈیڑھ، دو مہینے پہلے Calling Attention Notice بھیجا تھا کہ میرے علاقے میں motorway جو کھاریاں سے شروع ہو کر جا رہی تھی، اس کو zigzag طریقے سے کر کے، لوگوں کی فصلیں تباہ کر کے، گاؤں کے گاؤں مٹا کر، ایک سڑک کو دو دفعہ cross کیا جا رہا ہے۔ کوئی پرسانِ حال نہیں ہے، خرچہ زیادہ، accident زیادہ، اور اس کے بعد ایک university --

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔

جناب محمد اسلم گھمن: سر، ایک منٹ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں، یہ Point of Order پہ اتنی لمبی بات نہیں ہو سکتی۔ ان کا مائیک کھولیں، آخری بات کریں۔

جناب محمد اسلم گھمن: 2020 میں میرے حلقے میں، سمبڑیال میں Applied Engineering and Emerging Technology، جس نے support کرنا تھا سیالکوٹ کی industry کو، اور وہ آدھی تعمیر ہوئی تھی تو اس Government نے پیسے وہاں پر دینے بند کر دیے۔ خدارا یہ national level کا project ہے، international university بن رہی تھی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ، شاہدہ اختر علی صاحبہ۔

محترمہ شاہدہ بیگم: شکریہ، جناب ڈپٹی سپیکر صاحب۔ یہ Point of Order Interior سے related ہے۔ اگر Minister of State for Interior توجہ دیں کہ جو Passport and Immigration کا عملہ ہے، خاص کر Punjab میں جب وہاں پہ KP کا address آتا ہے تو renewal میں delaying tactics use کیے جاتے ہیں۔ باوجود اس کے کہ complete documents ان کے پاس موجود ہوتے ہیں لیکن وہ renewal process complete نہیں ہو پا رہا۔ تو kindly اس کو ضرور دیکھا جائے کہ جو KP کے شہری ہیں، وہاں پہ کیوں Passport and Immigration کا عملہ ان کے ساتھ تعاون نہیں کر رہا۔ یہ Interior کے ذمے آتا ہے، تو State Minister صاحب اس پہ ایکشن لیں۔ اگر آج کا بھی data لے لیں تو آج بھی قطاروں میں کھڑے ہو کے KP کے شہری، وہ یہی شکوہ کر رہے ہیں کہ Punjab میں ہمارے ساتھ یہ سلوک کیوں ہو رہا ہے۔

JUI کی طرف سے ہم نے کبھی بھی لسانیت based سیاست نہیں کی، لیکن جب اس طرح کے issues آتے ہیں کہ already خیبر پختونخوا ایک طرف دہشت گردی کی وجہ سے تکالیف اٹھا رہا ہے، دوسری طرف عام شہری کہیں پہ بھی visa لینے، passport کے renewal کے لیے جاتے ہیں، تو وہاں پہ یہ سلوک روا رکھا جاتا ہے، یہ ایک ناروا سلوک ہے۔ اور اس پہ kindly ضرور action لیا جائے، کیونکہ یہ شکوے ہمیں ملتے رہتے ہیں۔ شکریہ، جناب سپیکر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ، جی میر غلام علی ٹالپر صاحب۔

میر غلام علی ٹالپر: شکریہ ، ڈپٹی چیئرمین صاحب۔ سر! میں اس موقع سے فائدہ اٹھاکے اپنے علاقے کے ایک مسئلے کی طرف توجہ مبذول کرواناچاہتاہوں۔ ہمارے 20 Districts کو جو کہ poorest districts of the country ہیں،ان20اضلاع کے لیے دو ارب روپے پچھلے budget میں پیسے رکھے گئے تھے فیڈرل کی طرف سے۔کچھ پیسے رکھے گئے تھے، Federal کی طرف سے تقریباًمیرے خیال میں 10کروڑرکھے گئے تھے Federal کی طرف سے اور10کروڑروپے رکھے گئے تھے Province کی طرف سے۔ابھی یہ نیا budget آیا ہے اوراس میں بھی شاید کچھ پیسے رکھے جائیں۔اب ہم نے اپنے ضلعے کے لیے جودو ارب روپے رکھے ہیں۔ایک ارب صوبائی حکومت نے اورایک ارب وفاقی Government نے،توہم نے سب کے سب وہاں کے جو سکول زبوحالی کا شکار تھے، گر رہے تھے، گرنے والے تھے یا گرے ہوئے تھے، ان کی بحالی کے لیے رکھے ہیں۔ لیکن سال گزرچکاہےاورابھی تک ہمیں Federal کی طرف سے وہ funds نہیں ملے ہیں۔ Province نے اپنا حصہ دے دیاہے، لیکن Federal Government نے نہیں دیا۔ تو یہ بیچ میں اٹکاہواہے۔تو یہ request ہے Federal Government سے کہ وہ funds جو پچھلے سال رکھے گئے تھے، وہ بھی دیں، اوراس سال کے بھی دیں، تاکہ وہاں کے schools جس حالت میں ہیں، آپ وہاں جہاں بھی جائیں گے، آپ کو schools یا تو گرے ہوئے، خستہ حال یاایسی حالت میں ملیں گے کہ بچے ان میں بیٹھ نہیں سکتے۔

تو میری یہ request ہے Federal Government سے کہ وہ جلد از جلد یہ funds مہیا کرے، تاکہ ہمارے schools کی حالت بہتر ہواور جواس وقت عزم ہے ہمارے Prime Minister صاحب کا کہ جتنے بچے schools سے باہر ہیں، وہ schools میں آئیں اور تعلیم حاصل کریں۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اقبال آفریدی صاحب آن پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب محمد اقبال خان: شکریہ جناب ڈپٹی سپیکر صاحب! میری membership suspend کی گئی،اس حوالے سے میں جب سپیکر صاحب ہوں گے تبھی بات کروں گا۔آج بڑی خوشی کی بات ہے کہ سابق وزیر اعظم عمران خان کی ہسپتال منتقلی کا فیصلہ سپریم کورٹ نے کیاہے اور ملکی حالات بڑے گھمبیر ہیں، political stability نہیں ہے law and order کا issue ہے۔آپ دیکھیں کہ ایک سابق وزیر اعظم کو 10 مہینے تک قید تنہائی میں رکھا گیاان کے علاج اور ملاقات کے حوالے سے پارٹی قائدین اور بہنوں کا آئے روز وہاں پہ سڑکوں پہ بیٹھنا، احتجاج کرنا، لیکن اس ریاست نے اور موجودہ حکومت نے جو فسطائیت کی وہ سب کے سامنے ہے اور ریاست میں تو آئینی اداروں کا بڑا کردار ہوتا ہے۔ جب عدلیہ اپنے فیصلوں میں خود مختار ہو۔ جب انتظامیہ مجرم و بے گناہ کو آئین و قانون کے مطابق treat کر سکے، جب پارلیمنٹ میں عوامی نمائندے ہوں تو تب ملک میں ترقی اور خوشحالی آتی ہے۔

آپ دیکھیں کہ یہاں جو skillful لوگ تھے وہ چلے گئے multinational companies چلی گئیں۔ملک میں political stability نہیں ہے law and order کا issue ہے، کیوں؟ کیونکہ یہاں پہ جو صادق وامین ہے وہ تو جیل میں ہے اور جو مجرم ہیں ان کو اقتدار دیا گیا ہے۔ لہٰذا میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ ہم اس پاکستان کو کس طرف لے کے جا رہے ہیں، جس کے لیے لاکھوں مسلمانوں نے قربانیاں دیں اگر اس ریاست کو آئینی طریقے سے آپ نہیں چلائیں گے یہاں پہ آئین و قانون کی حکمرانی نہیں ہو گی اور چور اقتدار میں ہوں گے تو مجھے بتائیں کہ ملک کا کیا حال ہو گا۔ تو یاد رکھنا یہاں پہ political stability نہیں آئے گی اور یہاں پہ law and order کے issues ہوں گے یہاں پہ مہنگائی ہو گی اور یہاں پہ عوامی نمائندے نہیں بلکہ ٹاؤٹ بیٹھیں گے جو عوام کا ووٹ لے کے نہیں آئیں گے، لہٰذا میں اپیل کرتا ہوں کہ یہ 25 کروڑ عوام کی ریاست ہے یہاں پہ آئین اور قانون کی حکمرانی ہونی چاہیئے عدلیہ آزاد ہونی چاہیئے اس پارلیمنٹ کو عوام کی امنگوں کی ترجمانی کرنی چاہیئے تاکہ ملک ترقی کر سکے۔ یہ قائداعظم، علامہ اقبال کا وہ پاکستان ہونا چاہیئے جس میں ہر بندے کو اس کی دہلیز پہ اس کے حقوق ملیں۔ یہاں پہ انصاف کا بول بالا ہو، یہاں پہ آئین کی حکمرانی ہو، یہاں پہ سچے اور کھرے لوگ اسمبلی میں بیٹھے ہوں۔ آخری بات پاکستانیوں کی ہے۔ اگر پاکستانی چاہتے ہیں کہ عمران ہمارا قائد ہو، اگر پاکستانی چاہتے کہ عمران رہا ہو، اگر پاکستانی چاہتے ہیں کہ یہاں پہ آئین و قانون کی حکمرانی ہو۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک منٹ میں wind up کریں۔ جی۔

جناب محمد اقبال خان: آخر میں ایک منٹ، میں صرف حکومت سے ایک سوال کرنا چاہتا ہوں کہ یہاں پہ FATA کے Parliamentarians بیٹھے ہیں، مجھے راستہ بتائیں کہ نہ تو آپ ہمیں PSDP میں ہمارا حصہ دیتے ہو، نہ ہی ہمیں وہ سالانہ 100 ارب روپے دیتے ہو اور نہ ہی ہمارے فنڈز ریلیز کرتے ہو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی عبدالغفور حیدری صاحب۔ حیدری صاحب کا mic کھولیں۔

مولانا عبدالغفور حیدری: یہاں ہر ممبر اٹھتا ہے، اپنے علاقے کی بات کرتا ہے، کوئی بجلی کی بات کرتا ہے، کوئی water supply کی بات کرتا ہے، کوئی گیس کی بات کرتا ہے، ہم بلوچستان والوں کو نہ گیس چاہیئے، نہ بجلی چاہیے، نہ water supply چاہیئے، نہ سڑک چاہیئے۔ ہمیں امن چاہیئے اور یہ بتایئے کہ امن ہمیں کب ملے گا؟

ہمیں بتایا گیا کہ اروچی سے CPEC چلے گا، گلگت بلتستان سے ہوتے ہوئے اسلام آباد اور ڈی آئی خان کو touch کرتے ہوئے ژوب اور قلات سے ہوتے ہوئے گوادر پہنچے گا اور گوادر ایک mega city بنے گا اور گوادر پاکستان کے لیے ایک ترقی کی شاہراہ بنے گا لیکن جناب والا! CPEC کہاں گیا؟ CPEC کو بھی میرے خیال میں نظر لگ گئی گوادر کو یا کیا بات ہوئی، اس کے بارے میں آج تک Government خاموش ہے۔

لیکن وہ ارومچی سینکیانگ، جو ایک چین کا پسماندہ صوبہ تھا، پچھلے دنوں میں ایک delegation کے ساتھ گیا، تو ہمیں بتایا گیا کہ کوئی 70 ارب ڈالر اس صوبے کی ترقی کے لیے رکھے گئے ہیں، تاکہ اس کو بھی باقی صوبوں کے برابر لایا جائے۔ تو اگر چین اپنے ایک پسماندہ صوبے ارومچی سینکیانگ کے لیے اتنے پیسے رکھ کر اس کو باقی صوبوں کے برابر لا سکتا ہے، تو پھر میں پوچھ سکتا ہوں کہ اس حوالے سے جو بلوچستان، جہاں سے معدنی ذخائر، ساحل اور وسائل ساری چیزیں ہڑپ کی جاتی ہیں، اس صوبے کے بارے میں بھی کبھی پاکستان نے سوچا ہے کہ اس صوبے کو باقی صوبوں کے برابر کیسے لایا جائے؟ وہاں کی سڑکیں، زراعت، وہاں کے باقی مسائل، بے روزگاری اور پورے بلوچستان میں ابھی آپ check کریں، حب کا میں نہیں کہہ سکتا، کہیں بھی کوئی فیکٹری نہیں ہے، جہاں پہ نوجوانوں کو روزگار مل سکے۔ لیکن میں پھر وہی بات کہوں گا آخر میں کہ ہمیں کچھ بھی نہیں چاہیئے، ہمیں صرف امن چاہیئے، ہمیں حکومت بتائے کہ ہمیں امن کب ملے گا؟ ہمارے بچے یتیم ہو رہے ہیں، گھروں پہ بمباریاں ہو رہی ہیں، لوگ آئے روز قتل ہو رہے ہیں، سڑکیں بند ہیں، معاشی قتل عام ہو رہا ہے، تو یہ بتایا جائے کہ ہمیں امن کب ملے گا۔ والسلام و علیکم۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ جی شبیر بجارانی صاحب۔

میر شبیر علی بجارانی: شکریہ جناب سپیکر! میری request آپ کے توسط سے ہمارے Water Resources کے Minister معین وٹو صاحب بیٹھے ہوئے ہیں۔ ابھی انہوں نے یہاں پہ ذکر کیا کہ اس وقت دریاؤں میں floods کی کوئی situation نہیں ہے۔ ہم نے ماضی میں دیکھا، کہ جب floods آئے پنجاب میں، تو بہت بری طرح پنجاب effect ہوا، Southern Punjab پورا ڈوب چکا تھا۔ اس سے پہلے جو floods آئے، ان floods میں صوبہ سندھ بہت زد میں آیا اور وہاں بہت بڑا نقصان ہوا، بہت سارے اضلاع اس سیلاب کی زد میں آئے۔ تو میرا ان سے سوال یہ ہے کہ اس صورتحال کو face کرنے کے لیے کون سے preventive measures Ministry of Water Resources لے رہی ہے؟ ان کے پاس کون سا plan ہے، وہ کیا کر رہے ہیں؟ وہ ذرا House کو بھی بتائیں اور پاکستانی عوام کو بھی پتا لگے کہ اس صورتحال میں آئے دن climate change کی وجہ سے بہت زیادہ تبدیلیاں آ رہی ہیں۔ تو اس صورتحال کو face کرنے کے لیے Ministry of Water Resources کا کیا پروگرام ہے، کیا پالیسی ہے، کیا پلان ہے؟ اس سے ذرا ہمیں آگاہ کیا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ جی ٹپلین صاحب۔

جناب ٹپلین: Thank you جناب ڈپٹی سپیکر صاحب! بلوچستان کے حوالے سے مولانا عبدالغفور حیدری صاحب نے کچھ فرمایا، میں ان کی تمام باتوں کو second کرتے ہوئے کچھ مزید آگے جانے کی کوشش کرتا ہوں۔ بلوچستان میں اس وقت جو ہمارے مغربی اضلاع ایران بارڈر سے related ہیں، وہاں پہ گوادر، تربت، پنجگور، واشک، نوشکی، دالبندین میں almost پچاس ہزار لوگوں کے شناختی کارڈ block ہیں۔ وہ اس لیے block ہیں کہ آپ لوگوں کی dual nationality ہے۔ اس بات کو بالکل research میں نہیں لے کر گئے کہ کیا مسئلہ ہے اور کیا نہیں ہے۔ تو طلال چوہدری صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، میں گزارش کرتا ہوں کہ بھئی 50 ہزار لوگوں کو آپ نے بالکل ہر چیز سے محروم کر دیا، ان کے بینک

اکاؤنٹ بند ہوگئے،ان کے باقی معمولات زندگی ٹھپ ہو کر رہ گئے ہیں۔اس مسئلے کو serious لے کر Special Committee بنائیں،جو اس مسئلے کو investigate کرے اور ان لوگوں کو relief مل سکے۔

سر! ویسے بلوچستان کے حالات، آپ کو تو مولانا صاحب نے بتایا ہے کہ روڈز کا کیا حال ہے، لیکن ایک طرف روڈز کو وہ لوگ بند کرتے ہیں جن کی نیتیں خراب ہوتی ہیں، دوسری طرف ہمارے اپنے لوگ بھی حالات کی وجہ سے مجبور ہوگئے ہیں، کہ انہوں نے بھی آدھے سے زیادہ روڈوں کو بلاک کر کے لوگوں کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے۔ آج پنجگور کے روڈز بلاک ہیں، کل تربت کے روڈز بلاک تھے۔ City کے اندر، اس لیے کہ قافلے گزرتے ہیں اور لوگ کسمپرسی کی زندگی گزار رہے ہیں۔

سپیکر صاحب! آپ کی توجہ چاہتا ہوں۔ بلوچستان میں سیلاب زدگان، جو سیلاب آیا تھا گزشتہ سال میں، وہاں پہ ڈیڑھ لاکھ گھروں کے لیے فنڈ دیا گیا تھا ورلڈ بینک کی طرف سے، بعد میں اس فنڈ کو divert کر کے روڈوں کی طرف لے جایا گیا کہ ہم روڈز اور infrastructure بنائیں گے۔ وہاں پہ لوگوں کے پاس گھر نہیں ہیں۔ خدارا میں گزارش کرتا ہوں آپ سے، کہ اس مسئلے پر سنجیدگی سے توجہ دیں اور اس مسئلے کو حل کرائیں۔ Thank you, Sir۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی شکریہ۔ نثار جٹ صاحب۔

جناب نثار احمد: جی، بہت بہت شکریہ، ڈپٹی سپیکر صاحب! میں آج کے دن بہت ضروری سمجھتا ہوں کہ جس حلقہ کی میں نمائندگی کر رہا ہوں۔ آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ فیصل آباد شہر کو Manchester of Pakistan کہا جاتا ہے۔ اور فیصل آباد میں میرا حلقہ NA-100 جو کہ Manchester کی حیثیت رکھتا تھا۔ میرا اعلاقہ taxpayer ہے، سب سے زیادہ revenue میرا اعلاقہ provide کرتا ہے۔ سر! میرا علاقہ power loom industry اور کسان اور زراعت کو lead کرتا ہے۔ Labour class کثیر تعداد میں میرے حلقہ میں رہائش پذیر ہے۔ میں حکومت کی توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ گزشتہ بجٹ سیشن میں ہم یہاں پر power looms کے حوالے سے چیخ چیخ کر کہتے رہے کہ آپ جو policies بنا رہے ہیں yarn پر اور آپ import کو tax free کر رہے ہیں اور local market پہ آپ tax لگا رہے ہیں جس سے آپ کی power loom industry تباہی کے دہانے پر پہنچ جائے گی۔ لیکن بدقسمتی سے حکومت نے ہماری ایک نہ سنی اور آج وہ دن آگیا کہ آپ کی power loom industry جو کہ آپ کا ایک بہترین source of revenue ہے، جو فیصل آباد اور پورے پاکستان کو support کرتی ہے۔ آپ یقین کریں کہ وہ دن بدن collapse کی طرف جا رہی ہے۔ ہزاروں مزدور بے روزگار ہوتے جا رہے ہیں۔ ہم نے یہاں مطالبہ کیا تھا کہ مزدوروں کی تنخواہوں میں اضافہ کریں، لیکن بدقسمتی سے تنخواہوں میں اضافہ تو بہت دور کی بات آج مزدور بے گھر نہیں بلکہ آپ یقین کریں کہ اس کا کوئی پرسان حال نہیں ہے کہ میں اس ایوان میں بیان کر سکوں۔

سر! میرا حلقہ سب سے زیادہ taxpayer ہے۔ آپ یقین کریں کہ وہاں پر infrastructure اتنا متاثر ہو چکا ہے کہ چک نمبر 66 جے بی دھندرہ کلاں جس علاقے میں میں رہتا ہوں مجھے اس طرح محسوس ہوتا ہے کہ میں جیسے کسی industrial area میں نہیں بلکہ کسی کباڑ مارکیٹ میں رہتا ہوں۔ وہاں پر environment، infrastructure، سڑکوں اور drainage کے انتہائی برے حالات ہیں۔ صرف نظرانداز اس لیے کیا جارہا ہے کہ وہ میرا علاقہ ہے اور وہاں سے مجھے جیت ہوئی تھی۔ اسی طرح چک نمبر 67 جے بی سدھار، وہاں پر بہت بڑی آبادی ہے اور وہاں ایک ملک آباد کا area ہے اور بڑی تعداد میں لوگ وہاں پر مقیم ہیں لیکن بدقسمتی سے وہ سارے لوگ آج مون سون کی بارشوں کے بعد ڈوبے ہوئے ہیں۔ بیماریوں نے وہاں پر گھر کیا ہوا ہے۔ ایک چھوٹی بچی پانی میں گر کے جاں بحق ہو گئی۔ سر! اس طرح کے حالات ہیں اور میرے حلقے کو victimize اور نظرانداز کیا جارہا ہے کہ وہاں پر ان لوگوں نے مجھ پر اور پاکستان تحریک انصاف پہ اعتماد کیا۔ سر! مجھے ایک دو منٹ دے دیں میں آپ کا اشارہ سمجھ گیا ہوں۔ میں زیادہ لمبی بات نہیں کروں گا۔

ڈپٹی سپیکر صاحب! میں آپ کی توجہ چاہوں گا کہ آپ نے ایک Ruling دی تھی کہ فیصل آباد سے ملتان کی طرف جو موٹروے جارہی ہے، وہ انتہائی ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے اور جی ٹی روڈ سے بھی زیادہ اس کا براحال ہے۔ آپ بھاری بھرکم وہاں پر fines لے رہے ہیں، ٹول پلازہ کی قیمت آپ لوگوں نے بڑھائی ہے اس کے باوجود بھی موٹروے تباہی کے دہانے پر پہنچی ہوئی ہے۔ سر! میں اس ایوان میں درخواست کرتا ہوں کہ ان چیزوں کو look after کریں۔ پاکستان کے حالات بہت متاثر ہیں۔ کسان تباہی کے دہانے پر پہنچا ہوا ہے۔ کھاد کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے کسان کو بے حال کر دیا ہے۔ پنجاب کے بہت برے حالات ہیں، good governance نام کی کوئی چیز نہیں ہے۔ یہ بالکل ابہام ہے اور یہ جھوٹ بولا جارہا ہے کہ پنجاب بہت اچھا جارہا ہے۔

سر! 14 اگست کو پورا پاکستان جشن آزادی کی خوشیاں منا رہا تھا اور میں بھی خوشی منا رہا تھا لیکن بدقسمتی سے پولیس نے مجھے گھیرا ہوا تھا اور میں اس گھیرے میں کھڑے ہو کر پاکستان کا نعرہ لگا رہا تھا اور یہ میرے لیے بدقسمتی ہے کہ آزادی کے دن پولیس نے مجھے گھیر رکھا تھا۔ آخر میں، میں یہ دعا کرتا ہوں اللہ تعالیٰ عمران احمد خان نیازی کو لمبی عمر دے، صحت والی زندگی دے اور استقامت دے تاکہ وہ پاکستان کی باگ ڈور سنبھالیں۔ وطن عزیز کی باگ ڈور ان شاءاللہ عمران احمد خان نیازی صاحب سنبھالیں گے۔ بہت بہت شکریہ سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ خوشحال خان کاکڑ صاحب .on Point of Order

جناب خوشحال خان کاکڑ: شکریہ۔ جناب ڈپٹی سپیکر صاحب! حالات سنگین نہیں بلکہ خطرناک حد تک جا چکے ہیں۔ دہشت گردی ہے۔ کہا جا رہا ہے کہ نظام fail ہو چکا ہے۔ غیر فطری صوبوں کی بات کی جاتی ہے۔ ہماری یہ درخواست ہے اور پہلے بھی ہمارے بھائیوں نے کہا کہ اس پر سیر حاصل بحث اور debate ہونی چاہیئے۔

جناب سپیکر! اس وقت ہمارے صوبے میں جو صورت حال ہے کہ گزشتہ دنوں ایک دہشت گردی کا واقعہ ہوا، زیارت میں 35 پولیس افسروں کو شہید کیا گیا۔اسی طرح خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے واقعات ہوئے ہیں، تو ہماری درخواست یہ ہے کہ آپ اس پہ ایک debate کروائیں۔ Point of Order کے ذریعے میں کچھ چیزوں پر آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر! شناختی کارڈ کا ایک مسئلہ ہے۔ پشتونوں کے لیے ہر بار ایک الگ پالیسی لائی جاتی ہے کہ 1974 اور 1978 کا ریکارڈ دکھائیں۔ اس وقت تک 6 لاکھ شناختی کارڈ بلاک کیے جا چکے ہیں۔ نہ 1974 اور نہ 1978 کا ریکارڈ مانا جاتا ہے۔

جناب سپیکر! ہمارے پشتون علاقے دہشت گردی کا شکار ہیں ۔ ہمیں exemption دی گئی تھی taxes میں اور اب وہ exemption ہم سے واپس لے لی گئی ہے۔ اس سے متعلق ہم حکومت سے درخواست کرتے ہیں کہ اس پر نظر ثانی کی جائے اور یہ exemption واپس ہمیں دلائی جائے۔اس وقت صوبہ سندھ میں پشتونوں کے ساتھ جو سلوک کیا جارہا ہے اور پولیس کی جانب سے جو رویہ اختیار کیا جارہا ہے۔ پچھلے دنوں آپ نے دیکھا ہو گا کہ پولیس کی جانب سے ہوٹل مالکان اور ان کی انتظامیہ پر حملہ کیا گیا۔ان کے خلاف 7ATA اور دہشت گردی کے مقدمات درج کیئے گئے ہیں اور ان کے ساتھ غیر انسانی سلوک کیا گیا۔اس کے خلاف ایکشن لینا چاہیئے۔

جناب سپیکر! PMDC کا ایک واقعہ ہوا ہے کہ فاٹا، بلوچستان کا ایک issue چل رہا ہے۔اس کو قصداً resolve نہیں کیا جارہا اور students کا ایک سال ضائع کیا جارہا ہے۔اسی طرح افغانستان کے ساتھ جو ہمارے تعلقات ہیں اور ایک تاثر دیا جارہا ہے کہ افغانستان، پاکستان کا اس وقت انڈیا سے بھی بڑا دشمن ہے۔ جو سراسر غلط ہے اور یہ نہیں ہونا چاہیئے۔اتنی نفرت کہ اپنے students کو جو وہاں پر scholarships پر گئے تھے، ان کی degrees کو ماننے کے لیے تیار نہیں ہیں۔ یہ کیسی دشمنی آپ نے افغانستان کے ساتھ شروع کی ہے؟ آپ اس کو انڈیا سے بڑا اپنا بدترین دشمن سمجھتے ہیں جو کہ نہیں ہونا چاہیئے۔

جناب سپیکر! ہمارے صوبے میں بجلی کی transmission line کو حکومت والے اٹھا کے لے جارہے ہیں۔ ہماری تاریں، کھمبے اور transformers جو کھربوں کا سرمایہ ہے، وہ اٹھا کے لے جارہے ہیں۔NHA road N-70 جو سب سے busiest road ہے، جو بلوچستان کو دو صوبوں پنجاب اور خیبر پختونخوا کے ساتھ ملاتا ہے۔اب اس پر کام نہیں کیا جارہا۔Budget allocation ان roads کے لیے کی گئی ہے جہاں پر دن میں 100 گاڑیاں بھی نہیں جاتیں۔ یہ سب سے busiest road ہے اور اس پر accidents سب سے زیادہ ہوتے ہیں۔ اس پہ ذرا غور کیا جائے۔ برٹش دور میں ہمیں جو railway line دی گئی تھی، وہ railway line اکھاڑ کے لے کے گئے تھے۔ ہمیں کہا گیا تھا کہ ہم لے کے جارہے ہیں اور آپ کو ہم نئی railway line بچھا کے دیں گے۔وہ railway line چوری کی گئی، پنجاب سے ایک ٹھیکیدار آیا تھا اور چوری کرکے لے گیا تھا۔آخری بات کروں گا۔

جناب سپیکر! اس وقت ہمارے صوبے میں بد ترین دہشت گردی ہے۔ میرے ڈسٹرکٹ قلعہ سیف اللہ میں 12 police stations کو بند کرنے کا کہا گیا ہے۔ ہمیں ایسا لگ رہا ہے کہ افغانستان کے ساتھ ہمارے تعلقات خراب ہو رہے ہیں۔ ہم حکومت سے اور اپنے Defence Minister سے کہنا چاہتے ہیں کہ اس وقت کوشش کی جا رہی ہے کہ افغانستان میں ایک ملاقات ہو، ہمیں گریز کرنا چاہیئے، کیونکہ جو لوگ بیٹھے ہوئے ہیں یہ بھی ہمارے لائے ہوئے لوگ تھے۔ ایسی کوئی حرکت اور مداخلت نہیں ہونی چاہیئے جس سے کل پھر اس ملک کو نقصان اٹھانا پڑے۔ بڑی مہربانی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ سید طارق حسین۔

سید حسین طارق: شکریہ۔ سپیکر صاحب! تھوڑی دیر پہلے آنریبل منسٹر وٹو صاحب نے بتایا تھا میں شاید سمجھا نہیں سکا اپنا سوال، سوال یہ تھا کہ ہم نے کوئی lesson سیکھا ہے کیونکہ یہاں پہ کافی ہمارے علاقے ایسے ہیں جہاں پہ دریائے سندھ مختلف constituencies یہاں ویسے بھی پورے پاکستان سے گزرتا ہے۔ جناب ڈپٹی سپیکر! کبھی پنجاب ڈوب جاتا ہے، کبھی ہمارا سندھ ڈوب جاتا ہے، تو جب یہ اتنی بار ہمارے پاس floods آئے ہیں تو اس کے بعد ہم نے کیا کوئی جامع policy تیار کی ہے کہ کس طرح اگلی بار اگر flood آتا ہے، تو جہاں جہاں choke points ہیں آپ کو پتہ ہوگا ابھی پنجاب میں کہاں کہاں پانی آ کے پھنس رہا تھا، وہاں پہ choke ہو رہا تھا جس کی وجہ سے flooding اور زیادہ intense ہو رہی تھی تو اس طرح کی کوئی آپ نے policy تیار کر لی ہے۔ اگر کر لی ہے تو kindly ہمارے ساتھ share کر دیں ورنہ ہماری committee کے تھرو کم از کم اس پر discussion ہونی چاہیئے۔ آپ کا بھی علاقہ جناب ڈپٹی سپیکر! دریا کے ساتھ ہے اور آپ کو پتہ ہے کہ کتنی مشکلات کا سامنا ہو جاتا ہے اور پورے اس علاقے میں جب سیلاب آ جاتا ہے تو اتنے سال میں ہم نے کچھ تو اس پر سیکھا ہوگا اور کوئی ہم نے جامع policy ضرور بنائی ہوگی اگر بنی ہے تو بتا دیں، شکریہ۔

Mr. Deputy Speaker: Malik Asad Sikandar Sahib, on Point of Order.

ملک اسد سکندر: شکریہ جناب ڈپٹی سپیکر! بات یہ ہے کہ میں اپنے حلقے کی بات کروں گا ایک تو load shedding نے ہمیں بڑا تنگ کیا ہوا ہے، اٹھارہ اٹھارہ گھنٹے ہمارے علاقے میں load shedding ہوتی ہے، لائٹ چلی جاتی ہے کہتے ہیں کہ جی fault ہے، اس کے بعد جب لائٹ آتی ہے اٹھارہ گھنٹے بعد پھر کہتے ہیں کہ load shedding ہے۔ سر! یہ چوبیس، چوبیس گھنٹوں کا problem ہو رہا ہے آخر اس کو کون دیکھے گا۔ میں Minister صاحب سے request کرتا ہوں کہ اس چیز کو مہربانی کر کے دیکھیں ہمارے city میں بڑے حالات خراب ہیں۔ دوسری بات سر! میری یہ ہے کہ ہمارے پاس دو feeders ہیں ایک agricultural feeder ہے کنلی بھگاڑ پہ، دوسرا جو ہے وہ industrial feeder ہے سر! industrial feeder پہ کوئی loadshedding نہیں ہے اور agricultural پہ load shedding ہے۔ جبکہ bill تو ہم agricultural feeder والے بھی دیتے ہیں، تو اس ملک میں agriculture جو ہے یہ تو

backbone ہے پاکستان کی۔ تو اس پہ loadshedding ہے اور industry والوں پہ نہیں ہے۔ سر! یہ تو ظلم ہے اور یہ میری Minister صاحب سے بھی بات ہوئی تھی انہوں نے اور CEO صاحب نے بھی یقین دلایا تھا کہ اس کو ہم ختم کریں گے۔ مگر ابھی تک سر! کچھ ختم نہیں ہوا ہے۔ مہربانی کر کے آپ Minister صاحب کو بولیں کیونکہ یہ ہمارا ایک right ہے یہ agriculture والے ہم سب اور یہ سب agriculturists ہیں تو جب ان کو بھی دی جاتی ہے same feeder سے تو ہمیں بھی دی جائے۔ تیسرا مسئلہ میرا ہے sui-gas کا، ہمارے city میں gas بالکل نہیں آتی even ladies ہمارے گھروں پہ آنا شروع ہو گئی ہیں کہ آپ بات کیوں نہیں کرتے، آپ مہربانی کر کے ان کو بولیں کہ ہمارا city ہے Kotri City اس میں بڑا problem ہے sui-gas کا وہ بھی مسئلہ ہمیں حل کر کے دیں۔ شکریہ۔

Mr. Deputy Speaker: Mr. Sher Afzal Sahib on Point of Order.

جناب شیر افضل خان: شکریہ جناب ڈپٹی سپیکر! میں اس معزز ایوان کے سامنے ایک سوال رکھتا ہوں کہ آیا یہ ایوان جو ہے محترم ایوان، کیا یہ ایک mic ، یہ قالین، یہ جو سرخ کرسیاں ہیں، ان کو ایوان کہتے ہیں یا اس ایوان میں موجود ہر Member Assembly کی اس رائے جس میں وہ آزادانہ طور پر ہاں یا نہیں کہہ سکتا ہے وہ ایوان کہلاتا ہے، ایسا کیوں ہو رہا ہے بار بار جب سے یہ ایوان بنا ہے کہ یہاں جو فیصلے ہوتے ہیں ان کا پتہ ہمیں یہاں کی بجائے باہر سے لگتا ہے اور یہاں ان فیصلوں پر مہرِ تصدیق ثبت ہو جاتی ہے، کیا ہم صرف مہرِ تصدیق ثبت کرنے والے ہیں، کیا اس پورے ایوان میں جتنی parties بیٹھی ہیں، کیا کسی ایک party نے اٹھائیسویں ترمیم میں نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے کوئی خاکہ پیش کیا ہے، کیا کسی بھی political party نے نئے صوبوں کے حوالے سے وسائل کی تقسیم، حدود اربع اور حلقہ بندیوں کے حوالے سے Parliamentary Committee کو کوئی briefing دی ہے؟ کیا کوئی Parliamentary Committee بنی ہے؟ ایک طرف وزیر داخلہ صاحب کہہ رہے ہیں کہ system collapse ہو گیا ہے اور اس کے فوراً ساتھ ہی نئے صوبوں کی آمد کی بازگشت سنائی دیتی ہے۔ اگر اٹھائیسویں آئینی ترمیم جس کا مجھے ویسے تو اندازہ ہے کہ آ رہی ہے چاہے آپ میں سے کوئی چاہے یا نہ چاہے۔ تو اگر یہ اچھی ہے، اگر صوبے نئے بنتے ہیں اور پاکستانیوں کو، کیونکہ اس میں سوال ہمارے بچوں کے مستقبل کا ہے جو پاکستان ہم نے ان کو سونپنا ہے ہم نے یہ دیکھنا ہے کہ آج یہ جو اتنا بڑا تاریخی فیصلہ ہو گا اس حوالے سے اس ایوان کا کوئی عملی کردار ہو گا تو کیا وزیر پارلیمانی امور وضاحت فرمائیں گے کہ آیا اٹھائیسویں آئینی ترمیم کے حوالے سے کوئی پارلیمانی کمیٹی بنے گی، کوئی debate یا بحث ہو گی اور اس پر عمل درآمد کے لیے کیا اس پارلیمان میں کوئی ایسی بات ہو سکتی ہے، جس میں ہم بتا سکیں کہ جتنے زیادہ یونٹ بنیں گے اتنے ہی فوائد حاصل ہونگے، لوگوں کو ان کی دہلیز پر services اور انصاف فراہم ہو گا، ان ساری چیزوں سے قوم کو بھی آگاہ کرنا ہے تو کیا اٹھائیسویں آئینی ترمیم میں ان چیزوں کی آمد آمد ہے تو اس کے لیے کیا بہتر نہ ہو گا کہ ایک قومی مذاکرہ اور debate شروع ہو تا کہ فیصلے پر مہر لگانے سے پہلے ہم اندازہ کریں کہ اس کے یہ نتائج ہو سکتے ہیں، بہت شکریہ۔

Mr. Deputy Speaker: Ali Muhammad Khan Sahib on Point of Order.

جناب علی محمد: شکریہ جناب ڈپٹی سپیکر! (عربی) قوم کو گزشتہ 79th یومِ آزادی مبارک ہو، یہ یوم آزادی کچھ سوال چھوڑ گیا، کچھ میں نے اٹھائے، آج میں صرف ایک نکتے پہ بات کروں گا اور وہ یہ ہے کہ جب یومِ پاکستان ہو، یومِ آزادی ہو، کوئی بھی اہم دن ہو، میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ یہ Parliament کا اس میں کوئی role نظر نہیں آتا، چاہے ہماری حکومت تھی یا اب آپ لوگوں کی حکومت ہے، حکومت آپ کی ہوگی، ملک ہم سب کا ہے، اس دن Opposition کا بھی کوئی role نظر نہیں آتا۔ 79 سال ہوگئے ہیں، لوگ ہم پہ اور اس نظام پہ اور Parliament پہ سوال اٹھا رہے ہیں، وہ لوگ سوال اٹھا رہے ہیں کہ جو کرنے والے کہتے ہیں کہ نظام collapse ہوگیا تو آپ کدھر تھے؟ آپ کا اس میں کیا role ہے؟ تو میں Parliament کو یہ کہنا چاہتا ہوں کہ آج جہاں میری جماعت کے ساتھی اللہ کا شکر ادا کر رہے ہیں کہ ہمارے leader کو Supreme Court سے ایک relief ملا اور وہ health، اس کو ہم relief کہیں، حالانکہ یہ relief نہیں، basic ان کا human right ہے کہ ان کو hospital shift کیا جارہا ہے، آج پاکستان اس نہج پہ پہنچ گیا کہ ایک سابق وزیراعظم کی health condition کی وجہ سے ہمیں Supreme Court تک جانا پڑا اور مہینوں struggle کرنی پڑی۔ تو میں اس Parliament سے یہ سوال کرتا ہوں کہ ہم اپنا role کب ادا کریں گے؟ ہم کب ایسی policies بنائیں گے کہ عوام ہماری طرف اور اس Parliament کی طرف دیکھیں، یہاں سے کیا عوام کو hope اور اپنے basic rights کے لیے relief مل رہا ہے؟

آج غریب آدمی کا ہم سوچ رہے ہیں کہ اس کی زندگی کیسے گزر رہی ہے، ہمارے پختونخوا میں اس وقت پنجاب side پہ، بلکہ پورے پاکستان میں، آپ کا جو عام کسان ہے اس وقت اس کو urea تک نہیں مل رہی، tobacco کا جو آپ کا farmer ہے وہ رو رہا ہے پختونخوا میں، بلوچستان کی law and order situation ابھی آپ نے یہاں پہ سنی، ہمارے ساتھ ہی Members ہیں، پنجاب کی صورتحال بھی کوئی اتنی بہتر نہیں ہے۔ میں آپ کو یہ request کروں گا کہ جتنا ہم نے ایک دوسرے کے ساتھ کیا، اس پہ بس کریں، سیاستدانوں کو اپنی اہمیت پہچاننی ہوگی اور یہاں اس Parliament سے فیصلے کرنے ہوں گے۔ میں بس یہ نکتہ رکھ کے اجازت چاہتا ہوں۔ اور وہ یہ ہے کہ یہاں سے political dialogue start کیجئے، نہ اپوزیشن لیڈر صاحب PM صاحب کے پاس جائیں، نہ PM صاحب اپوزیشن چیمبر میں آئیں بلکہ میں نے suggest کیا تھا کہ Constitution Room میں بیٹھیں اور ثابت کریں کہ ہم سیاستدان اس بات کے اہل ہیں اور ہم یہ ملک چلا سکتے ہیں۔ بس ہمیں چلانے دو۔ آپ کا بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ شہریار مہر صاحب on Point of Order۔

Mr. Muhammad Shaharyar Mahar: Thank you, honourable Speaker Sahib! Sir, my Point of Order is related to Communications Department, National Highway

Authority. Sir, N-65 پہ سکھر اور شکارپور کے درمیان جو ہائی وے ہے N-65 کا portion کہلاتا ہے وہ recently repair ہوا ہے۔ جس کی completion last month ہوئی ہے، یعنی کہ جولائی 2026 میں۔ اور ابھی سے اس repaired portion کی اتنی بری حالت ہے، وہ اتنی بری طرح سے ٹوٹ گیا ہے اور میں request کروں گا آپ سے کہ اس matter کو Communications Committee کو refer کریں تاکہ وہ اس matter کو take up کر کے inquire کریں کہ یہ اتنا بڑا 50 crore plus کا repairment project کیسے یوں تباہ کر دیا گیا؟

دوسرا اسر! Along the same road, Ratodero to Shikarpur جو یہ روڈ نئی بن رہی ہے۔ این ایچ اے والوں نے وہاں پہ جو آس پاس اس روڈ کے دونوں طرف گاؤں ہیں ان سے کچھ commitments کی تھیں، کچھ ان کے drainage کے issues تھے وہ بھی این ایچ اے ابھی تک solve نہیں کر رہا۔ So I would request you کہ اس matter کو کمیٹی میں kindly refer کریں تاکہ اس کا کوئی حل نکلے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، یہ کمیٹی کو بھیجتے ہیں۔ آپ کے جکھرانی صاحب اس کو چیئر کرتے ہیں۔ تو ان کی کمیٹی کو لکھتے ہیں شکریہ۔ جی اختیار بیگ صاحب۔

مرزا اختیار بیگ: شکریہ سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب! اس میں کراچی میں K-Electric کے سلسلے میں کافی باتیں ہوئی ہیں۔ لیکن وہ بات پھر وہیں پہ جا کے ختم ہو جاتی ہے جیسے پہلے ہوئیں۔

اس سے پہلے جب منسٹر صاحب یہاں پہ تھے Minister for Power تو انہوں نے decide کیا تھا کہ وہ کراچی خود آئیں گے اور کراچی کے تمام ایم این ایز کے ساتھ، K-Electric کی مینجمنٹ کو بلا کے، اس طویل لوڈ شیڈنگ پر کوئی agreement کر کے کوئی اس کا settlement کریں گے جیسا ابھی بتلایا میرے فاضل دوست پارلیمنٹیرین نے کہ 20،20 اور 22،22 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ ہو رہی ہیں۔

میری آپ سے یہ request ہے کہ منسٹر صاحب کو وہ minutes نکال کے بھیجے جائیں اور کہا جائے کہ آپ کراچی کا دورہ کریں اور اس دورے میں، K-Electric کے ساتھ کراچی کے تمام MNAs کو بلا کے اور اس کا مسئلہ حل کیا جائے۔ ہم individually تو ان سے contact کرتے ہیں وہ ایک یا دو دن کے لیے، ایک گھنٹے کی یا دو گھنٹے کی لوڈشیڈنگ کم بھی کر دیتے ہیں۔ لیکن یہ حل نہیں ہے، یہ مسئلہ حل نہیں ہو رہا ہے۔

ہم نے یہ طے کرنا ہے کہ کیا collective punishment آپ کے آئین میں، آپ کے قانون میں allow ہے کہ ایک علاقے کے لوگوں کی بجلی بند کر دی جائے۔ یہ کہہ کے کہ اس علاقے کے لوگوں کی payments جو ہیں بلوں کی وہ کم ہیں۔

میں سمجھتا ہوں سر! یہ مسئلہ جب تک وہاں پہ ایک joint meeting نہیں ہو گی منسٹر صاحب کی اور ایم این ایز کی، ہم سب کی۔ ہم ہر بار اپنی constituencies میں جاتے ہیں تو یہی کہتے ہیں کہ جی وہ میٹنگ ہونے والی ہے، اس میں حل نکالیں گے۔ لیکن وہ میٹنگ ابھی تک نہیں ہوئی۔ آپ سے request سر یہی ہے کہ پاور منسٹر صاحب کو اس میں پابند کریں کہ وہ ہمارے ساتھ lineup کر کے K-Electric کے مینجمنٹ کے ساتھ one point agenda loadshedding پہ میٹنگ کر لیں۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جی۔ مقداد علی خان صاحب on Point of Order۔

جناب محمد مقداد علی خان: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ سر! میں Foreign Minister Sahib کی اور Minister for Overseas Pakistanis کی توجہ دلانا چاہوں گا۔ سر! میرے حلقہ سے، میرے شہر ساہیوال سے، ضلع سرگودھا سے سر! 24 اوورسیز پاکستانیز ہیں جو سعودی عرب میں اپنا روزگار کمانے کے لیے وہاں کام کر رہے تھے۔ سر! جنوری سے لے کر مارچ تک ان 24 لوگوں کو وہاں پر detain کیا گیا ہے۔ سر! متعدد applications وہ ان کی families کی طرف سے even جو وہاں پر detained ہیں۔ وہاں پر Ambassador کو لکھا گیا۔ لیکن انہوں نے کوئی response نہیں دیا وزیر خارجہ اسحاق ڈار صاحب کو لکھا گیا۔ سر! Grievance Commissioner جو ہیں Overseas کے ان کو لکھا گیا۔ لیکن ابھی تک ان کا کوئی پرسان حال نہیں ہے۔ نہ ہی ہماری جو Embassy ہے سعودی عرب میں وہ ان کو کسی طرح کی کوئی معاونت کر رہی ہے۔

تو سر! میری Foreign Minister Sahib سے اور Minister for Overseas Pakistanis سے یہ request ہے کہ ان لوگوں کو قانونی معاونت دی جائے اور سر! وہ بے گناہ، بے قصور بیچارے وہاں پر detained ہیں اور ان کی families وہ پیچھے احتجاج کر رہی ہیں۔ سر یہ میری request ہے کہ kindly آپ Foreign Minister Sahib کو اور اوورسیز پاکستانیز کے منسٹرز کو یہ request کریں کہ وہ Ambassador سے کہیں کہ ان لوگوں کو وہاں پر کوئی قانونی معاونت فراہم کریں تاکہ وہ واپس پاکستان آ سکیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے، آپ کا پوائنٹ آ گیا۔ ٹھیک ہے۔ شکریہ۔ جی انجینیئر حمید حسین صاحب on Point of Order۔

جناب حمید حسین: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ جناب سپیکر! میں ایک پوائنٹ پہ صرف توجہ دلانا چاہتا ہوں انٹیریئر منسٹر صاحب کا کہ ہمارے کچھ زائرین تفتان میں پھنس گئے ہیں اور ادھر ہی بیٹھے ہوئے ہیں۔ عرصے سے انتظار میں ہیں کہ کسی طریقے سے ان کو convoy دے کے کوئٹہ پہنچایا جائے۔

تو جناب سپیکر! اس میں، میں یہ request کرتا ہوں انٹیریئر منسٹر صاحب سے کہ ان کے لیے convoy کا بندوبست کیا جائے اور ان لوگوں کو تفتان سے نکال کر کوئٹہ پہنچایا جائے اور ساتھ ہی میں اپنے انٹیریئر منسٹر صاحب کا شکریہ بھی ادا کرتا ہوں کہ ہماری request پر انہوں نے convoy arrange بھی کی اور وہیں سے کچھ لوگ آ رہے ہیں اور کچھ لوگ جو رہ گئے ہیں اور ساتھ ساتھ کچھ FIA کی custody میں ہیں۔

جناب سپیکر ! میں گورنمنٹ سے request کرتا ہوں کہ جو ایف آئی اے کی custody میں ہیں ان لوگوں کو بھی کسی طریقے سے ادھر سے convoy دے کے، نکال کے کوئٹہ پہنچایا جائے۔

تو سر ! میں ایک بار پھر کہوں گا اپنے انٹیریئر منسٹر صاحب سے کہ وہ جو لوگ ادھر stuck ہو گئے ہیں ان کو ادھر سے convoy دے کے واپس پہنچایا جائے۔ Thank you Sir۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، شکریہ۔ شاہدہ رحمانی صاحبہ on Point of Order۔

محترمہ شاہدہ رحمانی: جی بہت شکریہ سپیکر صاحب۔ میرا تعلق چونکہ کراچی سے ہے اور کراچی کے اندر سب سے پہلے تو جس طرح سب نے کہا K-Electric کے حوالے سے ایک تو overbilling بہت زیادہ ہے 200 اگر یونٹ ہیں اور اس کے بعد ڈبل ہو جاتا ہے تو پھر اس کے 201 یونٹ ہوا تو اس کا بل ڈبل ہو جاتا ہے یہ بہت بڑی زیادتی ہے۔ اگر ایک کا 10000 بل ہے اور اس نے ایک یونٹ استعمال کر لیا تو وہ 20000 پہ چلا جاتا ہے۔

اسی طرح سر ! گیس کے حوالے سے، گیس کی لوڈشیڈنگ اتنی زیادہ ہے کہ اب بچے بغیر ناشتے کے جا رہے ہیں، دوپہر کے کھانے کے ٹائم پہ نہیں، اب وہ ٹائم بالکل different کر دیا ہے پہلے جو ٹائم تھا اس سے بالکل out کر دیا۔ گیس کی لوڈشیڈنگ ہے۔

اس کے ساتھ ہی میں نے ابھی گزشتہ دنوں دیکھا کہ courier service کے through جو آپ دیکھ رہے ہیں کہ حادثات ہوئے ہیں۔ ان سے زہریلی ادویات منگوائی جا رہی ہیں اور courier service لا کے دے رہی ہے۔ اگر کوئی اپنی زندگی سے کچھ تھوڑا سا مایوس ہوتا ہے تو اس کے لیے suicide کرنا آسان ہو گیا ہے۔ اس کے حوالے سے Ministry of IT notice لیں۔

اس کے ساتھ ہی سر ! ہمارا کراچی کے اندر منگھوپیر روڈ ہے اور اس منگھوپیر روڈ کو وفاقی حکومت نے تعمیر کیا۔ لیکن ابھی اس کا افتتاح نہیں ہوا کیونکہ وہ پورا روڈ جگہ جگہ سے ٹوٹ گیا ہے۔ جب میں نے اسمبلی میں question کیا۔ تو مجھے بہت اچھی presentation دی گئی۔ لیکن میں گزارش کروں گی کہ آپ ایک مرتبہ وہاں visit کریں کہ یہ روڈ واقعی بنا تھا یا نہیں۔ وہ بالکل بھی نہیں ہے اور اسی طرح ہمارے پاس ایک Northern Bypass ہے Ministry of Communication سے میں گزارش کروں گی کہ وہ M-9 اور M-10 کو دیکھ لیں وہاں پر سنگل روڈ ہے، بے تحاشہ accidents ہوتے ہیں۔ کیا وفاق وہاں پر ایک 10 کلومیٹر روڈ کو ڈبل روڈ نہیں بنا سکتے؟ اب تک اس کو موٹروے نہیں بنایا جا سکا۔ تو یہ ساری چیزیں ہیں جو سندھ کے اندر، کراچی کے اندر احساس محرومی پیدا کر رہی ہیں۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی خورشید جونیجو صاحب on Point of Order۔ ٹائم کی پابندی کیجیے گا۔

جناب خورشید احمد جونیجو: شکریہ ڈپٹی سپیکر صاحب۔ میرا Point of Order Communications Ministry سے related ہے۔ سر ! ہمارا M-8 ہے جو رتوڈیرو سے گوادر تک موٹروے جاتی ہے۔ 2022ء میں فلڈ کی وجہ سے شہداد کوٹ سے قمبر تک روڈ بہت

damage ہوئی اور اس پر Communications والوں نے تقریباً one billion rupee بھاگ دوڑ کی تو sanction کئے اور وہ پیسے خضدار سیکٹر میں منتقل ہوگئے۔ یہاں پر دو تین دفعہ باتیں بھی ہوئیں، دو تین دفعہ اس کو point out بھی کیا گیا کہ یہ پیسے منتقل کر کے اس سیکٹر پر لگائے جائیں جس کے لیے یہ sanction ہوئے ہیں۔ مگر وہ جو قمبر سے لے کر شہداد کوٹ کی 15 کلو میٹر روڈ flood میں damage ہوئی تھی اُس کو M & R کے تحت بنا رہے ہیں۔ اور وہ 1 بلین روپے جو دوسرے سیکٹر خضدار میں منتقل ہوگئے ہیں تو مہربانی کر کے آپ یہ کمیٹی کو بھیج دیں کہ اِس کو آپ دیکھیں کہ یہ پیسے لوگوں نے کیوں وہاں پر منتقل کیے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ محمد عثمان خان بادینی صاحب، Kindly۔on Point of Order ٹائم کی پابندی کیجئے گا۔

جناب محمد عثمان بادینی: شکریہ۔ جب بلوچستان کی بات کرتے ہیں تو law and order کی طرف سب سے پہلے ذہن جاتا ہے۔ حضرت نے بلوچستان کے law and order کے بارے میں بات کی۔ میں صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ جو بلوچستان کے بچے اور students ہیں، آج کل سب انٹرنیٹ پہ apply کرتے ہیں نوکریوں کے لیے، پورے پاکستان میں ایجوکیشن اور online classes لینے کے لیے، لیکن بدبختی کے ساتھ، ہم کہہ رہے ہیں کہ بلوچستان کے جو شہر ہیں، نوشکی، چاغی، خاران، واشک، پنجگور، تربت اور مند ہے، ان سارے علاقوں میں 3G or 4G کی کوئی service نہیں ہے۔ اگر youth education میں engage ہو رہے ہیں اور وہ اس ایجوکیشن کی بدولت نوکری کیلئے کہیں apply کرتے ہیں، جب youth سے ہم یہ دونوں چیزیں چھین رہے ہیں تو اُس youth کو ہم کس طریقے سے control کریں گے کہ وہ youth پاکستانی لوگوں کے ساتھ ہمسفر ہو کے اپنی زندگی گزار سکے؟

دوسری جانب بلوچستان جانے والے سارے راستے بند ہیں۔ خواہ وہ بولان کا راستہ ہو، خضدار کا راستہ ہو، کراچی کا یا ایران سے آنے والا سفر کا ہو۔ جہازوں کے کرائے دیکھیں، جو تاجر برادری اور عام لوگ ہیں، کوئٹہ سے کراچی کا ٹکٹ اس وقت 80 سے 85 ہزار کا ہے۔ اسلام آباد سے کوئٹہ کا ٹکٹ اس وقت 1 لاکھ 10 ہزار کا ہے۔ اور مزے کی بات یہ ہے، یہی Fly Jinnah اور PIA ہے اور کوئٹہ سے دبئی کا return ticket 65000 rupees کا ہے اور یہاں one-way کا ٹکٹ 1 لاکھ روپے کا ہے۔ کہنے کا مطلب یہ ہے کہ ہم نے بلوچستان کے لوگوں کو محصور کر کے بلوچستان کے اندر بند کر کے رکھ دیا ہے۔ ایک airline گوادر سے کراچی کیلئے شروع ہوئی ہے لیکن کراچی گوادر کا جو section ہے، 45 minute کی flight اور 1 لاکھ روپے کی ٹکٹ۔ کیا بلوچستان کے لیے پاکستان سے قوانین الگ ہیں؟ کیا بلوچستان کے بچے اور بلوچستان کے businessman کے لیے قوانین الگ ہیں؟ اور جو بجلی کے لیے لوگ روتے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔

جناب محمد عثمان بادینی: ایک منٹ کیلئے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آخری بات کریں please۔

جناب محمد عثمان بادینی: ایک سیکنڈ۔ بلوچستان میں بجلی کیلئے لوگ روتے ہیں اور یہاں پاکستان میں، کراچی، سندھ وغیرہ والے کہتے ہیں کہ دو گھنٹے کی loadshedding ہے۔ ہمارے ہاں تو 23 گھنٹے کی loadshedding ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ ساجد علی خان صاحب۔

جناب ساجد خان: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ جناب سپیکر! شکریہ۔ سب سے پہلے تو آپ کا شکریہ کہ آپ نے میرے خیال میں طلال چوہدری صاحب کو سارے اجلاس میں بٹھایا۔ ہمارے فاٹا کے مسائل تو ختم ہونے کا نام نہیں لے رہے، لیکن آج کل ہمارا جو سب سے بڑا اور burning issue ہے، وہ blocked NIC cards کا ہے۔ اگر ایک بندے کا NIC card اُن کی کسی غلطی کی وجہ سے یا کسی اور وجہ سے block ہو جاتا ہے، تو پھر نمبرز 50, 60 یا 30 تک پہنچ جاتے ہیں، ان کی تمام family کے NIC cards block کر دیئے جاتے ہیں۔ اور پھر اُس غلطی کو ٹھیک کرنے کے لیے اُن سے کہا جاتا ہے کہ آپ ہمیں 1978 کا record لا کر دکھادیں۔

جناب سپیکر! اس پہ میں detail میں بات نہیں کروں گا، کیونکہ پھر مسائل پیدا ہوتے ہیں، لیکن جب fencing ہو رہی تھی اور ہم نے بہت سے علاقے ایسے شامل کیئے جو 2004 میں شامل ہوئے۔ اور ہم اُن کو کہتے ہیں کہ آپ ہمیں 1978 کا data دکھادیں۔ تو یہ میرے خیال میں بالکل ہی ممکن نہیں ہے۔ اس کے لیے میری تجویز ہے کہ طلال چوہدری صاحب اس کے لیے ایک committee بنادیں، اس میں ہم فاٹا کے جتنے Parliamentarians ہیں وہ بھی اس میں بیٹھ جائیں اور ہم اُن کو تجاویز دیں کہ آپ DC یا Special Branch کے ذریعے یا دوسری جو ہماری جو قبائلی روایات ہیں کہ ہم یہ جانتے ہیں کہ اِن کا قبرستان اِدھر ہے، مطلب ہزاروں سال سے یہ family یا tribe یہاں رہ رہا ہے۔ تو میرے خیال میں ہم اس کا حل نکال سکتے ہیں اگر ہم ان کے ساتھ بیٹھ جائیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ blocked NIC cards کے لیے، میں اپنے ضلعے کی بات کروں گا، مہمند کا بورڈ چارسدہ میں ایک یا دو دن کے لیے ہوتا ہے اور جس طرح خوشحال کاکڑ صاحب نے بات کی، ہزاروں کی تعداد میں NIC cards block ہو چکے ہیں۔ تو اس جگہ پہ اتنا rush ہوتا ہے۔ ایک تو طلال چوہدری صاحب committee بنادیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ Mike کھولیں، wind up کریں please۔

جناب ساجد خان: ایک تو اس کے لیے ایک committee بنادیں اور دوسرا، اُن کے لیے board کے دن، اگر دو دن ہیں تو تین دن کئے جائیں اور اگر تین دن ہیں تو چار دن کیے جائیں۔ آخری بات مہمند کے لیے جس طرح تمام اضلاع میں یا Divisions کی سطح پہ blocked NIC cards کے لیے board ہے، تو میرے ضلعے میں بھی اس طرح کا ایک board قائم کیا جائے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شبیر علی قریشی صاحب۔

جناب محمد شبیر علی قریشی: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ جناب سپیکر! شکریہ۔ میں آپ کی توجہ اپنے ضلع کوٹ ادو میں پیش آنے والے ایک بہت بڑے سانحے کی طرف دلانا چاہوں گا جو ایک ہفتہ قبل پیش آیا۔ جناب سپیکر! Sheikhhoo Sugar Mills سانواں کے قریب مظفر گڑھ کینال کے کنارے پہ مشوری برادری کے تقریباً 20 سے 25 افراد جو شادی کی تقریب سے واپس لوٹ رہے تھے کہ ان کے loader rickshaw کو حادثہ پیش آیا اور وہ نہر میں جا گرا، جس کے نتیجے میں 15 افراد ڈوب کر جاں بحق ہو گئے، جن میں بیشتر خواتین اور بچے تھے۔ افسوس کا مقام ہے کہ ایک ہفتے تک نہر سے اُن کی لاشیں نہ مل سکیں اور ایک ہفتے بعد جا کر اُن کی لاشیں نہر سے recover ہوئی ہیں۔ ہمارا پورا وسیب اس سانحے پہ سوگوار ہے اور مشوری برادری کے اس غم میں برابر کا شریک ہے۔ اللہ ان کو غریقِ رحمت کرے اور لواحقین کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔

جناب سپیکر! افسوس حکومتی بے حسی پہ ہے۔ کیا جنوبی پنجاب کے لوگوں کی جانیں اتنی سستی ہیں کہ لاہور میں ایک گٹر کے ڈھکن پہ تو notice ہوتا ہے، یہاں کوٹ ادو میں 15 افراد نہر میں ڈوب کر جاں بحق ہو گئے لیکن وزیر اعلیٰ نے notice تک لینا مناسب نہ سمجھا؟ اگر وزیر اعلیٰ پنجاب بروقت notice لے لیتیں اور ماہر rescue teams اور ضلع level پر rescue کے جدید آلات فراہم کر دیے جاتے تو اُن غریب افراد کی لاشیں ایک ہفتے تک نہروں میں نہ رُلتی رہتیں اور وہ افراد اس شدید کرب سے نہ گزرتے۔

جناب سپیکر! شرم کا مقام یہ ہے کہ کسی بھی وزیر یا مشیر کو اتنی توفیق نہیں ہوئی کہ اُن کی داد رسی کے لیے جا سکے۔ ہمارے علاقے میں سہولیات کا فقدان ہے اور ترقیاتی کاموں کے حوالے سے نظر انداز کیا گیا ہے۔ اگر وہ راستہ پکا ہوتا، لاہور کی طرح carpeted roads ہوتیں اور کھڈے نہ ہوتے، تو شاید یہ حادثہ ہی پیش نہ آتا۔ ہمارے ضلع کو اس حکومت نے مکمل نظر انداز کیا ہوا ہے، پورے چار سال میں ایک بھی carpeted سڑک نہیں بنی۔ تو میرا یہ مطالبہ ہے کہ حکومت اب تو کم از کم شرم کر لے۔ وزیرِ پارلیمانی امور بیٹھے ہیں، میں اُن سے درخواست کروں گا کہ کوٹ ادو میں مشوری برادری کی داد رسی کی جائے اور ان کیلئے کم از کم کسی مالی package کا تو اعلان کریں تاکہ ان کی تھوڑی سی تو اشک شوئی اور داد رسی ہو سکے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ کا point آ گیا، شکریہ۔ حفیظ الدین صاحب۔

سید حفیظ الدین: جناب سپیکر! شکریہ، میں آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ کراچی port سے ایک elevated road بنائی جا رہی ہے جو قیوم آباد پہ اُترے گی۔ اِس پر بہت سے residents کو بڑا سخت اعتراض ہے کیونکہ elevated ہے، environmental issues ہیں، اور اس کے بعد اس کا 3 سے 4 سال کا proposed period بتایا جا رہا ہے۔ اس مقصد کے لیے میں آپ سے درخواست کروں گا کہ کیونکہ elevated highway ہے، Karachi Port سے قیوم آباد تک، اس ایشو کو اگر committee میں بھیج دیا جائے تو اس پر پھر وہاں پر بات ہو جائے گی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: پہلے ابھی آنریبل شہریار مہر صاحب نے یہ raise کیا تھا ایک NHA related point تو اس کو بھی committee کو بھیجا ہے، تو آپ کا بھی اور خورشید جونیجو صاحب نے بھی کیا ہے، تو تینوں کو club کر کے committee کو بھیج دیں۔ شکریہ۔ مس فرخ خان صاحبہ۔

محترمہ فرخ خان: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ جناب سپیکر صاحب! حکومتِ وقت ایک ماں کی طرح ہوتی ہے، اور آج بھی مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ایک مدت سے ناجائز بلڈ نگز قرار دے کے لوگوں نے جو اپنے خون پسینے کی کمائی سے flats خریدے تھے، ان کو غلط قرار دے کے مسمار کر دیا گیا، اور اجازت کے بغیر بنائی ہوئی تعمیر کی نہ تحقیق کی گئی۔ بلکہ ان کے flat کو مسمار کر کے کہ جو لوگ دس دس سال سے بس رہے تھے، ان کو سڑکوں پہ بٹھا دیا گیا، جو کہ انتہائی افسوسناک بات ہے۔ اور ان کو تسلی دی گئی کہ جنھوں نے building بنائی ہے ان سے پیسے لے کر لوگوں کو واپس دیے جائیں گے، وہ وعدہ کبھی وفا نہ ہوا۔

آپ سوچتے ہوں گے کہ اتنے عرصے کے بعد مجھے یہ گڑھے مردے اکھاڑنے کی کیا ضرورت پڑی ہے۔ عرض یہ ہے، جناب! اب وہی کام جو ہے اسلام آباد میں ہو رہا ہے۔ اسلام آباد میں کچی آبادیاں توڑی جا رہی ہیں، اور وہاں پہ بڑے بڑے پلان بنائے جا رہے ہیں۔ یہ اور بات ہے کہ وہاں پہ بہت بڑی buildings بننے والی ہیں، جو plans ہیں، وہ پاکستان کے لیے خوش آئند ہیں۔ ظاہر ہے ہمیں بہت فائدہ ہوگا، لیکن میں یہ سوچتی ہوں کہ وہ لوگ جن کے گھر اجاڑ دیے گئے ہیں، وہ کافی سال سے وہاں رہ رہے تھے، اور نہ صرف یہ کہ وہ وہاں رہ رہے تھے بلکہ ان کے بچے وہاں جوان ہوئے ہیں، اب وہ بزرگ بوڑھے ہو کر سڑکوں پہ پڑے ہیں۔ ان کے باقاعدہ وہاں بجلی اور gas کے meters لگے ہوئے تھے، اور پانی کے pipes لگے ہوئے تھے۔ یہ ناجائز کالونیز تھیں تو پہلے کیوں نہیں مسمار کی گئیں؟ اتنے دنوں کے بعد انہیں کیوں ہوش آیا کہ ہم ان کو ختم کر کے لوگوں کو دربدر کریں؟ اب وہ لوگ دور دراز علاقوں میں تیس تیس ہزار کرایوں پر چھوٹے چھوٹے کمروں میں رہ رہے ہیں، جو ان کی بساط سے باہر ہیں۔

تو میری آپ سے درخواست ہے کہ ان علاقوں میں جو بہت خوبصورت buildings بننے والی ہیں اور بہت ہمیں فائدہ ہونے والا ہے، لیکن ان غریبوں کے لیے بھی ایک الگ سے جگہ مختص کر دی جائے اور وہاں پہ ان کے لیے چھوٹے چھوٹے گھر بنا دیے جائیں تیس، تیس ہزار روپے pay کر رہے ہیں، ان سے کرایہ نہ لیا جائے۔ ختم کرنے سے پہلے صرف یہ کہنا چاہوں گی کہ سزا دینے سے پہلے باقی کا بھی پلان کر لیا جائے تو بہت اچھا ہو۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جی، ابھی Minister of Water نے یہاں ہونا تھا، کچھ ممبران نے points اٹھائے تھے تو ان Members کو Government کی طرف سے طلال صاحب، آپ جواب دیں گے۔

سینیٹر طلال چوہدری: Thank you very much۔ یہاں پر جو Interior Ministry کے متعلق چار ایسی باتیں ایک فاضل ممبر نے ابھی کیں encroachment کے حوالے سے، اس سے پہلے کراچی کا ایک اندوہناک واقعہ، ایک بچے کا قتل ہے، اس کے بارے میں MQM کے ہمارے رکنِ اسمبلی نے بات کی، تو اس کی جو details ہیں کیونکہ یہ صوبائی معاملہ ہے law and order کا، تو میں وہاں

کی Government سے اور IG صاحب سے details منگوا کر آپ کے سامنے House میں جب آپ مناسب سمجھیں گے دے دوں گا۔

Secondly اپر دیر کے بارے میں ہمارے رکنِ اسمبلی نے بات کی۔ اس میں بالکل تیرہ اور چودہ اگست کی رات وہاں دو تشکیلیں terrorist کی آئی تھیں۔ اس پہ جو local لوگ تھے، انہوں نے اور پولیس نے مل کے بڑی بہادری سے نہ صرف ان کا مقابلہ کیا، کیونکہ انہوں نے سب سے پہلے ہماری ایک police چوکی پہ attack کیا۔ ان میں سے کچھ لوگ پکڑے گئے، باقی وہاں سے چلے گئے۔ اس وقت وہاں پر law and order کی situation بالکل normal ہے۔ وہاں پر مزید FC تعینات کر دی گئی ہے۔ اسی کے ساتھ law and order کے حوالے سے اور terrorism کے حوالے سے بلوچستان پر بھی مولانا صاحب نے اور باقی لوگوں نے بات کی۔ Opposition Leader نے آج بات کی ہے کہ وہ law and order اور خصوصاً دہشت گردی پر ایک دو دن رکھنے چاہیئں تاکہ بات ہو سکے۔

جناب سپیکر! میں Opposition Leader کی اس offer سے پہلے، جب سے وہ Opposition Leader بنے ہیں، دو دفعہ یہ offer کر چکا ہوں کہ اس House میں debate کے لیے Interior Ministry, National Action Plan پہ، باقی جو CT Drive ہے جسے ہم Counter Terrorism Drive کہتے ہیں، اس پر ہم تیار ہیں۔ لیکن میں نے ان سے ساتھ ہی یہ گزارش کی ہے کہ جب بھی security meeting in-camera یا کوئی دوسری meeting ہوئی ہے، تو ہمارے جو colleagues ہیں، جو Opposition جماعت سب سے بڑی ہے، جنہوں نے انہیں Opposition Leader بنایا ہے، PTI، وہ normally بائیکاٹ کر دیتے ہیں۔ تو اس security کی meeting کا وہ in-camera ہو، دوسری ہو، سپیکر صاحب کی سربراہی میں تمام security اداروں کے ہوتے ہوئے تمام یہاں پر Parliamentary Leaders کی ہوئی، اس میں بھی وہ نہیں آئے۔ اسی طرح PM House میں ہوئی۔

تو جو National Action Plan ہے، جو کہ صوبوں کو اور وفاق دونوں کا subject ہے، اور اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ سب سے پہلی priority حکومت کی، وزیراعظم کی یہ ہے۔ وہ وقتاً فوقتاً خود Counter Terrorism اور National Action Plan پر عمل درآمد کا جائزہ لیتے رہتے ہیں۔ Interior Minister ہر مہینے meeting کرتے ہیں National Action Plan پر، بغیر name and shame کرنے کے یا point scoring کرنے کے، میں جناب سپیکر! بالکل وہ ساری چیزیں، چودہ کے چودہ points ہیں، اور یہ National Action Plan ایک ایسا document ہے جو کہ بانی PTI کی وزارتِ عظمیٰ کے دوران بنا اور تمام parties کا اس پر consensus ہے اور اس پر عمل صرف وفاق نہیں، اس میں بہت بڑا حصہ kinetic اور non-kinetic کا ہے وہ صوبوں کا ہے۔ تو میں ان چودہ points میں سے ہر point پر، اس پر کس صوبے کی، کس region کی کیا اس میں contribution ہے،

کس نے کام کیاہے، ہم تو چاہتے ہیں کہ یہ کام Parliament کا ہے، اسے کرنا چاہیئے نہ کہ ہم ادھر آئیں بھی نہ، یہاں سے TA/DA بھی لیں، یہاں پر کوئی چار کاغذ پھاڑے جائیں، quorum کی نشاندہی کی جائے اور باہر چلے جائیں۔

Opposition Leader کی اس بات کو میں دوبارہ کہتا ہوں، جس دن جناب سپیکر! آپ چاہیں، ایک دن نہیں، دو دن نہیں، ایک ہفتہ بالکل اس کی discussion کے لیے تیار ہیں۔ اور ابھی بھی دہشت گردی کی جنگ میں ایک ہی کمی ہے، security forces اپنا کام کر رہی ہیں لیکن political forces اپنا کام نہیں کر رہیں۔ جب تک political forces ایک بیانیے کے ساتھ یک زبان ہو کر security forces کے پیچھے کھڑی نہیں ہوں گی یہ جنگ جلد نہیں جیتی جاسکتی۔

اس کے ساتھ ساتھ یہاں پر passport اور ID cards کے متعلق بات کی گئی۔ دیکھیں، بلوچستان میں اس بنیاد پر کسی کا card suspend یا block نہیں کیا جاتا کہ وہ کس صوبے سے ہے۔ اس کی certain requirements ہیں۔ اس میں بہت سارے ایسے لوگ ہیں، جناب سپیکر! جس میں افغان شہریوں نے نہ صرف ID cards بنوائے، ہماری family کے family tree میں آئے، کئی family trees میں تو ان کے سربراہوں نے مختلف وجوہات کی بناپر جان بوجھ کے شامل کیا، اور کئی میں وہ ہمارے NADRA اور اس طرح کے officers نے شامل کیا، جو کہ اب criminal cases face کر رہے ہیں۔ بہت ساروں کو نوکری سے نکالا گیا۔ یہاں اس کے بعد review boards اپنا کام کرتے ہیں۔ میں بالکل یقین دلاتا ہوں کہ ایسی کوئی discrimination بلوچستان، KP یا کسی خاص علاقے کے ساتھ نہیں، بلکہ overall یہ ہم نے campaign چلائی ہے کہ ہم اپنا data بالکل صاف کریں گے، ان aliens اور ان غیر ملکیوں سے۔ میں ایک example دیتا ہوں، پانچ ہزار passports, صرف سعودی عرب میں افغان شہریوں نے جو پاکستان کے fake passport بنوائے تھے، وہ surrender کیے گئے ہیں۔ صرف ایک ملک میں، وہاں پر beggary، دہشتگردی یا دوسرے crimes میں جب بندہ پکڑا جاتا ہے تو اس کو وہ پاکستانی سمجھتے ہیں، کیونکہ document پاکستان کا ہوتا ہے۔ تو یہ ایک مسئلہ ہے، پھر دیکھیے ہوتا کیا ہے، پھر ہمارے visas تک بات آتی ہے، پھر ہمارے visas پر کئی restrictions لگتی ہیں۔ تو ہمیں اپنا record clear کرنا ہے۔ اس کے لیے جو ہمارے نمائندے ہیں، ان کا cooperation چاہیئے، اور اگر کسی جگہ انہیں لگے کہ کہیں کوئی بات نہیں سنی جا رہی، Interior کی Committee میں آپ بھیج دیں، Special Committee بنادیں۔ وہاں کوئی بھی ہمارا نمائندہ اپنے علاقے کے issues بتائے۔

اس کے بعد دوسری ہماری محترمہ جو Member ہیں، انہوں نے کہا کہ KP کے لوگوں کے passports روکے جاتے ہیں۔ بالکل ایسی بات نہیں ہے۔ میں دوبارہ کہہ دوں، میں ایک ایک passport پہ، ایک ایک اس چیز پہ contest، یا میں اس کا brief اور اس کی details دینے کو تیار ہوں۔ گزارش یہ ہے کہ passport کے process کو ہم نے reform کیا ہے۔ ہم نے passport کے security features بہتر بنائے ہیں۔ ہم نے passport میں لوگوں کے لیے آسانیاں پیدا کی ہیں۔ Passport کو online

apply کرنا،اس کی appointments باقی چیزوں میں، اگر اس میں آپ کہیں گے تو میں پوری details سامنے رکھ سکتا ہوں۔اور مجھے اگر ہماری Member صاحبہ کوئی particular case دیں، جس میں یہ لگے کہ ان کو KP یا کسی خاص علاقے کی وجہ سے دشواری ہے، بالکل نہ صرف ان officers کے خلاف کارروائی کریں گے، بلکہ یہ ممکن نہیں ہے، passport کا ہم نے time کم کیا ہے۔پہلے جب یہ حکومت آئی تھی، تو passport آپ کو پتہ ہے 6 مہینے پیچھے تھا، جو کہ passport بننے تھے۔ہم نے اس کا time frame کم کیا ہے۔ہم نے اس کی quality اور security features بہتر کیے ہیں۔اور اس کے ساتھ ہم نے customer service کے ایک طریقۂ کار سے ان کو اس طرح deal کرنا شروع کیا ہے۔

مزید ہم NADRA سے یہ کوشش کر رہے ہیں کہ NADRA کے تمام centers کو passport دینے کی یا passport بنانے کی facility دے دی جائے، تاکہ یہ لائنیں لگنے اور دوسرے معاملات بہتر ہو سکیں۔ہم نے ابھی جو operation کیا ہے، پچھلے صرف ایک مہینے میں FIA نے سو سے زیادہ agents جو لوگوں سے پیسے لیتے ہیں، باہر کھڑے ہوتے ہیں، اور اس میں جو ہمارے افسران تھے، ان پر criminal cases کیے ہیں۔ تو میں یہ بالکل دوبارہ کہہ دوں، کوئی particular case دیں یا اس office کا بتائیں، کہ کس passport office میں اس طرح کا رویہ رکھا جارہا ہے، اس پر کارروائی کی جائے گی۔ .Sir! Thank you very much

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ، معین وٹو صاحب، Minister of Water۔

جناب محمد معین وٹو: شکریہ، جناب سپیکر!۔ سوال بھی زیادہ تر یہی کیا گیا ہے کہ جو دریاؤں میں سیلاب آتے ہیں ہر سال، ان کے بارے میں محکمہ Water Resources کی طرف سے کیا پیش بندی کی گئی ہے؟ تو اس سلسلے میں طارق شاہ صاحب نے جیسے فرمایا کہ یقیناً قبل از وقت جو ہے، وہ کوئی نہ کوئی ایسا system ہونا چاہیے کہ سیلاب کے آنے سے پہلے لوگوں کو مطلع کیا جا سکے۔ تو اس سلسلے میں، ایک تو میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ early warning system evolve کیا جارہا ہے، اور اس سلسلے میں telemetry system کی installation کی جا رہی ہے، اور جو daily basis پہ ہر جگہ، ہر ایک کو، ہر صوبے کو اپنی اپنی جگہ پہ، وہ جہاں چاہیں، وہ upto date ہو سکتے ہیں، اور وہ براہ راست information حاصل کر سکتے ہیں۔اور ویسے جو موجودہ صورتحال ہے، اب بھی Water Resources کے جو نمائندے ہیں، Federal Flood Commission کا نمائندہ جو ہے، وہ NDMA کے ساتھ پہلے تو daily basis پہ Prime Minister صاحب کی instruction کے مطابق meeting ہوتی رہی، اور پھر daily basis پہ inform کیا جاتا رہا کہ موجودہ صورتحال کس دریا میں، کہاں پہ بارشوں سے، کہاں پہ دریا میں flood کا خدشہ ہے یا صورتحال کیا ہے۔اب بھی ہفتے میں دو دفعہ meeting ہوتی ہے، تاکہ تازہ ترین صورتحال سے آگاہی رہے بھی اور آگاہی دی بھی جا سکے۔ شکریہ سر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی عبدالغفور حیدری صاحب، اس پہ بحث نہیں ہو سکتی، مگر ایک منٹ کے لیے آپ کو موقع دے رہے ہیں۔

مولانا عبدالغفور حیدری: وزیر داخلہ صاحب نے جو فرمایا کہ in-camera briefing ہونی چاہیئے، امن وامان کے حوالے سے، میں اس کی تائید کرتے ہوئے یہ کہنا چاہوں گا کہ امن وامان کو بھی اس میں focus کیا جائے اور اس کے ساتھ ساتھ یہ جو بہت بڑے معاملات در پیش ہوئے، ہم نے ثالثی کا کردار ادا کیا، اور بہت ساری ایسی چیزیں ہیں جو Parliament اور قوم سے بھی او جھل ہیں۔ تو کم از کم سہ روزہ in-camera ہی سہی، لیکن کم از کم سہ روزہ قومی اسمبلی اور Senate کے اجلاس ہونے چاہئیں، تاکہ کم از کم Parliament کو تو آگاہی ہو، اور امن وامان کے حوالے سے، خاص طور پر بلوچستان، خیبر پختونخوا، کشمیر۔ تو یہ گزارش کرنی تھی اور میں ان کی تائید کرتا ہوں۔ اگر وہ ایسی ہمت کر دیتے ہیں تو بڑی مہربانی ہو گی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ طارق فضل چوہدری صاحب۔

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: ، بہت شکریہ، honourable Speaker صاحب۔ بہت ساری ایسی باتیں جو آج Point of Orders پہ مختلف honourable Members نے discuss کی ہیں، ان میں law and order اور security کے حوالے سے جتنی باتیں ہوئی ہیں، اس پر State Minister for Interior نے بڑی تفصیل سے اس پہ جواب دیا ہے۔ دو، تین نکات ایسے تھے، جس پہ میں اختصار کے ساتھ respond کرنا چاہوں گا۔ ایک تو PMDC کے test کے حوالے سے اور ہمارے وہ medical students جو foreign medical university سے degree لے کر پاکستان آ رہے ہیں، اور یہاں انہیں کچھ مشکلات در پیش آ رہی ہیں۔ اس حوالے سے جو معلومات میں رکھتا ہوں، وہ میں share کر دیتا ہوں، اور اس کے بعد مزید بھی اس پہ میں Health Ministry سے ان شاءاللہ اور PMDC سے information لے کے بھی ایوان کو ضرور آگاہ کروں گا۔

جناب سپیکر! یہ زیادہ مشکلات Central Asian countries سے آ رہی ہیں، بالخصوص وہاں پہ Kyrgyzstan ہے، Georgia ہے، Kazakhstan ہے۔ وہاں پہ جو medical colleges ہیں، ان کے حوالے سے کافی طلبہ کو شکایات آئیں، اور اس میں بالکل PMDC کا یہ قصور نہیں ہے کہ یہ سارے colleges regularized تھے اور بعد میں de-regularize ہوئے ہیں، بلکہ ان ممالک میں بھی Government کی policy جو ہے change ہوئی ہیں، جس کی وجہ سے ہمارے registered colleges کو وہاں پہ deregister کرنے کی بات کی گئی ہے۔ اور اس میں بلکہ ابھی جب حالیہ دورہ ہوا ہے President صاحب کا Kyrgyzstan کا، تو اس وقت بھی ان کے نوٹس میں ہم یہ لے کے آئے administration کے، کہ آپ کے ملک میں ہمارے وہ colleges جو آپ کے criteria پہ پورے اترتے ہیں، لیکن اس کے باوجود انہیں وہاں پہ delist کرنے کی باتیں ہو رہی ہیں اور انہیں notices جاری ہوئے ہیں۔ تو ان شاءاللہ اس کے لیے بھی ہم کوشش کر رہے ہیں کہ انہیں بغیر کسی وجہ کے، اگر وہ qualify کرتے ہیں، تو انہیں delist نہ کیا جائے۔ اور پھر

اس سے جو یہاں پہ مشکلات پیش آتی ہیں، جہاں تک PMDC کا role ہے، انہیں یہاں پہ register کرنے کے لیے، طلبہ کو یہاں پہ facilitate کرنے کے لیے، exams وغیرہ کے لیے، اس کے لیے بھی ہم پوری کوشش کر رہے ہیں۔

دوسری بات جو UAE میں پاکستانیوں کے حوالے سے کی گئی اور GCC countries میں، تو اختصار کے ساتھ میں یہ عرض کروں گا کہ یہ سارے problems تب پیدا ہوئے جس وقت Iran اور America کی جنگ ہوئی، اس میں GCC countries ، بالخصوص UAE میں Iran کی طرف سے missiles چلائے گئے اور وہاں پہ buildings وغیرہ اور airport کے قریب بھی گرے، Abu Dhabi میں بھی، Dubai میں بھی، اور اس کے بعد کچھ قیمتی انسانی جانوں کا نقصان بھی ہوا۔ اس کے بعد وہاں پہ جو سارے یہ ممالک ہیں، جو صورتحال تھی، اس کی نوعیت کو دیکھتے ہوئے اور اس کی sensitivity کو دیکھتے ہوئے، وہاں پہ کچھ strict security measures لیے گئے اور scrutiny کی گئی کہ وہاں پہ کس طرح کا کوئی، جتنے بھی وہاں پہ nationals ہیں، اور تقریباً دو سو سے زیادہ ممالک کے nationals وہاں پہ Dubai میں اور overall UAE میں آباد ہیں، تو وہاں پہ کچھ nationals کی scrutiny اور جو میں نے کہا کہ strict security measures لیے گئے، اور وہ administrative measures تھے۔ اس کے نتیجے میں کچھ ممالک کے لوگوں کو deport کیا گیا، جس میں کچھ پاکستانی بھی ہیں۔ ان کی exact تعداد اس سے پہلے میں ایک Calling Attention Notice میں دے چکا ہوں ، دوبارہ دے دوں گا لیکن اس کے لیے ہم پوری کوشش کر رہے ہیں کہ ہماری جو Abu Dhabi میں Embassy ہے اس کے ذریعے، کہ کسی کے ساتھ کوئی ناانصافی نہ ہو، اور یہاں پہ کچھ دوستوں نے میرے سے وہ details share بھی کی تھیں، وہ بھی ہم نے pass on کی ہیں Ministry of Foreign Affairs کو، تاکہ ان کی جو جائز شکایات اور گلے ہیں انہیں دور کیا جا سکے۔

آخری بات اختصار کے ساتھ کروں گا۔ جو honourable Member فرح خان صاحبہ PML-Q کی ہیں، انہوں نے کچی آبادیوں کی بات کی ہے۔ جناب سپیکر! یہ لفظ کچی آبادیوں کا جس کو اسلام آباد میں describe کرنے کی ضرورت ہے۔ چونکہ ہمارے State Minister of Interior بھی تشریف فرما ہیں، میں ان سے بھی یہ گزارش کروں گا کہ انہوں نے ایک اور لفظ استعمال کیا encroachments۔ یہ جو terminologies ہیں، encroachment اور کچی آبادیاں، ان کے نام پر اسلام آباد کے متاثرین کے حقوق کو سلب نہ کیا جائے۔ یہ میرا مختصر سا مدعا ہے اور میں State Minister کو بھی یہ بات کہوں گا کہ اس سے پہلے بھی جو operations اسلام آباد میں کیے گئے، وہ نام تھا کچی آبادیوں اور encroachments کا اور اس میں اسلام آباد کے جو ہمارے متاثرین ہیں، صرف اسلام آباد نہیں، پاکستان بننے سے پہلے کے آباد ہیں، جن کی یہاں چھ چھ، سات سات نسلیں گزر چکی ہیں اور ان کے بچے یہاں پہ آباد ہیں تو ان کے حقوق کو سلب نہ کیا جائے۔ ان کے لیے State ہمیشہ ایک ماں کا role ادا کرتی رہی ہے اور آئندہ بھی ادا کرے۔

موجودہ دور میں، میں سمجھتا ہوں کہ جس طرح Prime Minister Sahib کی policies ہیں اس کے تحت ان کی جائز بات کو سن کر جو encroachments ہیں، ہم سخت ان کے خلاف ہیں، میں آپ کے ساتھ ہوں Ministry of Interior کے ساتھ۔ اس سے پہلے کچی آبادیوں کو جب remove کیا گیا تو انہیں benefits بھی دیے گئے اور وہ لوگ جو اسلام آباد کے باہر سے آ کے یہاں کچی آبادیوں میں آباد تھے، انہیں بھی benefits دیے گئے۔ آخری ایک بات کہ جو اسلام آباد کے sector areas کے اندر کچی آبادیاں ہیں، اسلام آباد بننے سے لے کے آج تک اسلام آباد کے جو پوش sectors ہیں، F-6 ہے، F-7 ہے، F-8 ہے، G-8 ہے، I-8 ہے، G-7 ہے، ہر ایک میں کچی آبادیاں موجود ہیں۔ اگر آپ دیکھیں تو وہاں پہ جو لوگ رہ رہے ہیں ان کے جو living standards ہیں، وہ ناقابل بیان ہیں۔ اکثر کچی آبادیوں کے بیچ میں سے نالے گزر رہے ہیں جن کے right left کچی آبادیاں ہیں۔

میری گزارش ہے وزارتِ داخلہ سے اور ان کی موجودگی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے کہ ان کے لیے بھی ایک comprehensive plan جو کئی بار discuss ہو چکا ہے، اسے عملی جامہ پہنایا جائے اور وہاں پہ بہت قیمتی زمین ہے، اس کی اگر آپ feasibility بنائیں گے، کوئی apartments وہاں پہ بنائیں، کوئی project اچھالے کے آئیں، وہ لوگ بھی وہاں آباد ہو جائیں گے، وہاں سے آپ کو revenue بھی generate ہو گا اور یہ مسئلہ ہمیشہ کے لیے حل ہو جائے گا۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ معزز پارلیمانی منسٹر صاحب! یہ آپ کے لیے ہے کہ آج جتنے نام ہمارے پاس آئے تھے، ہم نے سب بلوائے ہیں جن کا نمبر ہوتا ہے۔ 42 ممبرز بولے ہیں۔

Mr. Deputy Speaker: The House is adjourned to meet again on Wednesday, the 19th of August, 2026, at 2:30 p.m.

(The House was adjourned to meet again on Wednesday, the 19th of August, 2026, at 2:30 p.m.)